لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں
تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان
DAILY AWAMI MOHABBAT
روزنامہ
عوامی محبت
قصور، پاکستان
چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر
سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس
ABC CERTIFIED
عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز
جلد نمبر 20 | ہفتہ 27 ربیع الثانی 1448ھ 10 اکتوبر 2026ء 26 اسوج 2080 ب | شمارہ نمبر 109

10 اضلاع میں پی ایچ اے فنکشنل، 11 اضلاع میں بھی نئی پی ایچ اے قائم، 20 اضلاع میں پی ایچ اے کے قیام کیلئے جنوری 2027 کی ڈیڈ لائن مقرر

پنجاب کے ہر ضلع میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی قائم کرنے کی منظوری

پی ایچ اے زکیلئے 2820 ٹیکنیکل آسامیوں پر بھرتیوں کی منظوری، ہر ضلع میں ایم ڈی، ڈائریکٹر اور ٹیکنیکل سٹاف بھرتی کیا جائیگا، پی ایچ اے کے زیر انتظام ہر ضلع میں سستے پودے فراہم کرنے کیلئے "ان ہاؤس نرسری" قائم کرنے کا فیصلہ، پی ایچ اے فوڈ کورٹ کے ڈیزائن کی

دوسرے فیز میں پنجاب کی ہر تحصیل میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کی جائیں گی، سٹاف اور گاڑیوں کی یکساں برانڈنگ متعارف کرانے کا فیصلہ

ہر تحصیل، شہر اور گاؤں کی سطح تک مرحلہ وار شجر کاری اور پھولدار پودے اگانے کیلئے اقدامات کی ہدایت، ہر خالی جگہ پر درخت اور پھول اگانے کا حکم

ہر ڈسٹرکٹ میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا ریسورس پلان طلب، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت پی ایچ اے سے متعلق اجلاس

لاہور (یاسر ندیم سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کرنے کی منظوری دیدی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی سے متعلق اہم اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی گئی اور اہم فیصلے کیے گئے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ڈسٹرکٹ میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا ریسورس پلان طلب کرلیا۔ اجلاس میں مزید 20 اضلاع میں پی ایچ اے کے قیام کیلئے جنوری 2027 کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی گئی۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 خارجی جہنم واصل

شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا۔ خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

دھرنوں، احتجاج سے کاروبار، تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں: سپیکر پنجاب اسمبلی

طاقت کے ذریعے کسی بات کو منوانا ممکن نہیں، سیاسی قوتیں محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں

ملک کی معیشت کو مضبوط بنانا اور غربت کا خاتمہ قومی ترجیح ہونی چاہیے: ملک محمد احمد خان کا ایکسپو سنٹر میں نمائش سے خطاب

لاہور (یاسر ندیم سے) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ دھرنوں اور احتجاج سے کاروبار، تعلیمی سرگرمیاں اور معیشت متاثر ہوتی ہے، طاقت کے ذریعے کسی بات کو منوانا ممکن نہیں، سیاسی قوتیں محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں، ملک کی معیشت کو مضبوط بنانا اور غربت کا خاتمہ قومی ترجیح ہونی چاہیے، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سیاسی استحکام (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

ریاض کے کنگ خالد اور ابہا ایئرپورٹس پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، سعودی افواج اور اتحادی فورسز کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہیں۔ شہباز شریف

سعودی عرب کی سلامتی کیلئے پرعزم
حوثی ملیشیا حملے فوری بند کرے: وزیر اعظم

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہیں، سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے لیے بھرپور حمایت جاری رکھیں گے، حوثی ملیشیا فوری طور پر سعودی عرب پر حملے بند کرے

وزیر اعظم نے سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان کا غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا، کہا سعودی عرب کو اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودیہ کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہیں، حوثی ملیشیا فوری طور پر سعودی عرب پر حملے بند کرے۔ وزیر اعظم ہاؤس سے جاری بیان میں شہباز شریف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

مریم نواز کو اقوام متحدہ کا ایوارڈ ملنے پر مبارکباد کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اقوام متحدہ سے ایوارڈ ملنے پر مبارکباد کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کروا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

پی ٹی آئی سے مذاکرات میں بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں، رانا ثناء اللہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)

ہر مصیبت برداشت کرنے کو تیار، اصولوں پر سمجھوتا نہیں ہوگا، سلمان اکرم راجہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہر مصیبت جھیلنے کو تیار ہیں مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

سردار سکندر حیات خان ایک جرات منداور انتھک سیاسی رہنما تھے، سردار عتیق احمد خان

مظفرآباد (سٹاف رپورٹر) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

وزیر اعظم آفس اور وزارت داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم کی ضمانت خارج

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت کی عدالت نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

مریم نواز کا شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق چینی کمپنی گرینڈ ٹاپ کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

وفاق نے پنجاب میں پائیدار ترقی اہداف پروگرام کی کارکردگی رپورٹ طلب کرلی

صوبے میں جاری منصوبوں پر پیش رفت، فنڈز کے استعمال کی تفصیلات بھی مانگ لی گئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاق نے پنجاب حکومت سے پائیدار ترقی اہداف پروگرام کی کارکردگی رپورٹ طلب کر لی۔ وفاق کی جانب سے صوبے میں جاری منصوبوں پر پیش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 11)

لاہور: ایف پی سی سی آئی پاکستان سنگل ونڈو اور سیمڈا کے نمائندوں کا کاروباری خواتین کے لئے منعقدہ آگاہی سیشن کے موقع پر گروپ فوٹو۔

سہیل آفریدی کا شارٹ مارچ دہشتگرد تنظیموں کے حق میں ہے: عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کی سینئر قیادت کو ایک مسخرے کنٹینر باز نے یرغمال بنایا ہوا ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، عوام کے مسترد کئے جانے کے بعد اے آئی سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالی جا رہی ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا، یہ مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایک طرف دہشت گردی ہو رہی دوسری طرف سہیل آفریدی کنٹینر پر چڑھے ہیں، خیبر پختونخوا پورا صوبہ غیر محفوظ ہے لیکن سڑکوں پر دندناتا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

وزیر اعظم کا مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

وزیر اعظم شہباز شریف اور سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

ذرائع کے مطابق کہا گیا کہ حکومت اب بھی مذاکرات، سیاسی حل کیلئے تیار ہے مگر اپوزیشن کو وفاق پر چڑھائی سے گریز کرنا ہوگا، وفاق پر دھاوا بولنے سے مسائل حل نہیں بلکہ مزید مسائل پیدا ہوں گے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف اور سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس کے بعد رات گئے مولانا فضل الرحمان سے رابطہ کیا گیا، خیبر پختونخوا کی صورتحال خصوصاً پی ٹی آئی لانگ مارچ بارے گفتگو ہوئی۔ مولانا نے ایک بار پھر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ایکسپو سنٹر لاہور میں 26 ویں بین الاقوامی پولٹری نمائش کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ نے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی

نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی پر 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب

کپڑے، دوائیاں دیں، باہر جا کر کہا کچھ نہیں دیا، کھانے پینے کی اشیاء دینے کی اجازت نہیں دے سکتے، عدالت

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف کی بہنوں کی نظر بندی اور جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی جبکہ نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو جیل میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

سرکاری فنڈز سے ذاتی تشہیر کا کیس، سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

عدالت کا درخواست گزار کو عدالتی وقت ضائع کرنے پر 10 لاکھ روپے جرمانے کا انتباہ، غیر مشروط معافی منظور

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ کی جانب سے سرکاری فنڈز پر ذاتی تشہیر کے کیس پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ جسٹس فاروق حیدر نے عالیہ حمزہ کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ جو پیسہ تشہیر پر لگ رہا ہے وہ ٹیکس پیئرز کا پیسہ ہے، وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ کی اشتہارات کے ساتھ تصاویر ذاتی تشہیر کے زمرے میں آتی ہے، سپریم کورٹ کے فیصلوں کے مطابق ٹیکس کے پیسے پر ذاتی تشہیر غیر قانونی ہے۔ دوران سماعت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

اے این ایف کا منشیات اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن، 6 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے کے دوران 6 ملزمان گرفتار کر کے 1 کروڑ سے زائد مالیت کی 24.91 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کراچی میں یونیورسٹی کے قریب ملزم کے قبضے سے 2.1 کلوگرام چرس برآمد، ڈی ایچ اے کراچی کے قریب ملزم کے قبضے سے 750 گرام (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

حوثی باغیوں کے حملوں کا خدشہ، پی آئی اے نے ریاض کے لیے پروازیں عارضی طور پر معطل

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے مشرق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 15)


لاہور: طالبات این سی اے میں جاری نمائش دیکھ رہی ہیں۔

لاہور: پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف سے گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں۔

ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں جن کی نیتیں ٹھیک نہیں: خواجہ آصف

یہ ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ اور ان کیساتھ ملی بھگت میں ہے، وزیر دفاع کا پی ٹی آئی پر پاکستان دشمنوں سے رابطے ہونے کا الزام

کون سی روایت ہے کہ جب اقتدار میں نہ ہوں تو ملک کے دارالحکومت پر دھاوا بول دو، ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی پر پاکستان دشمنوں سے رابطے ہونے کا سنگین الزام عائد کیا ہے کہ ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں جن کی نیتیں ٹھیک نہیں، یہ ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ اور ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے۔ ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پاکستان کے دشمنوں سے رابطے ہیں، یہ بھتے کی شکل میں ان کی مدد بھی کرتے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ تحریک انصاف کے پاکستان دشمنوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

وزیر اعظم کی سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی مذمت

شہباز شریف کا معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ مملکت سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے بار بار ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)

ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کی بڑی کامیابی، ستمبر میں 41 ہزار 903 کیسز میں خواتین کی مدد

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے خواتین کے خلاف ہراسانی، تشدد اور دیگر جرائم کے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت اقدامات جاری رکھے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

کرک میں خوارج کی فائرنگ سے شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور صوبائی حکومت کا کوئی نمائندہ شہداء کے جنازوں میں شریک نہیں ہوا

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں خوارج کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نیوکرپہ، ضلع کرک میں خوارج کی فائرنگ سے ایس ایچ او داؤد خان اور پولیس اہلکار فرہاد شہید ہوئے تھے۔ نماز جنازہ میں پولیس افسران اور جوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، پولیس کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے شہداء کو سلامی دی گئی اور پھول چڑھائے گئے۔ شہداء کے جسد خاکی مکمل سرکاری اعزاز اور احترام کے ساتھ تدفین کے لیے آبائی علاقوں کو روانہ کر دیے گئے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور صوبائی حکومت کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 18)

جائیداد کے ہبہ تنازع کے مقدمے میں 8 سال بعد اپیلٹ کورٹ کا فیصلہ، ڈگری کالعدم

ٹرائل کورٹ اور اپیلٹ کورٹ مقدمے کے بنیادی تنازع کا درست تعین کرنے میں ناکام رہیں

کیس دوبارہ فیصلے کے لیے اپیلٹ کورٹ کو واپس بھجوا دیا، جسٹس عاصم حفیظ کا پانچ صفحات پر مشتمل فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے جائیداد کے ہبہ تنازع کے مقدمے میں 8 سال بعد اپیلٹ کورٹ کا فیصلہ اور ڈگری کالعدم قرار دیتے ہوئے کیس دوبارہ فیصلے کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

طلبہ سے فراڈ میں ملوث دولہا اپنی شادی کی تقریب سے گرفتار

ملزم فرحان پولیس والنٹیئر پروگرام کے طلبہ کو نوکری کا جھانسہ دیتا تھا، ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں طلبہ کو نوکری کا جھانسہ دے کر رقم وصول کرنے والے ملزم کو اس کی شادی کی تقریب سے گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ملزم فرحان پولیس والنٹیئر پروگرام کے طلبہ کو نوکری دلوانے کا جھانسہ دے کر رقم وصول کرتا تھا۔ متاثرہ طلبہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 19)

لاہور: صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کا کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں کورین وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو۔

پنجاب کے سرکاری اثاثوں سے ریونیو بڑھانے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری اثاثوں کی فروخت، لیز اور انہیں بطور ضمانت استعمال کر کے فنانسنگ کے ذریعے ریونیو بڑھانے کی ہدایت کی۔

ہ اثاثوں کی مالیت کا تعین نہ ہونے اور سرکاری اراضی کے غیر تسلی بخش استعمال کے باعث صوبے کو ریونیو کا نقصان ہو رہا تھا، جس کے تدارک کے لیے اثاثوں کو یکجا کیا گیا ہے۔

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں سرکاری املاک کے مؤثر انتظام اور ان سے ریونیو بڑھانے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری املاک سے متعلق پہلے دیے گئے ٹاسکس پر پیش رفت کی بریفنگ دی گئی، جبکہ ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری اثاثوں کی فروخت، لیز اور انہیں بطور ضمانت استعمال کر کے فنانسنگ کے ذریعے ریونیو بڑھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ وسائل کے مؤثر انتظام کے لیے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)



لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سول لائن اور سٹی ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

نیشنل مینجمنٹ کورس کے 60 سینئر افسران کا پیڈمک کا دورہ

پنجاب کے صنعتی زونز، ترقیاتی منصوبوں اور صنعتکاروں کو سہولیات بارے بریفنگ، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ کا بھی دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں زیر تربیت گریڈ 20 کے سینئر افسران نے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا دورہ کیا جہاں سی او او علی معظم سید نے سینئر افسران کو پیڈمک کے منصوبوں، کام کرنے کے طریقہ کار اور صنعتکاروں کو دی جانے والی سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دورہ کے موقع پر چیئرمین پیڈمک شہزاد اعظم خان نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ وفد نیشنل مینجمنٹ کورس کرنے والے 60 سینئر افسران پر مشتمل تھا۔ وفد میں سیکرٹری انڈسٹریز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر29)

شہباز شریف سے بحرینی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

عالمی کاربن اخراج میں پاکستان کا حصہ انتہائی کم، موسمیاتی تبدیلی کا پاکستان پر نمایاں اثر پڑا، رانا تنویر حسین

زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحمت رکھنے والے طریقوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، وفاقی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ فوڈ سکیورٹی انتہائی اہم شعبہ ہے اور قومی سلامتی براہ راست فوڈ سکیورٹی سے منسلک ہے، اگر ملک میں خوراک کی دستیابی یقینی نہ ہو تو قومی سلامتی کو بھی مکمل طور پر یقینی نہیں بنایا جاسکتا، زرعی شعبے کی ترقی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل ریسکیو چیلنج 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر30)

رائے ونڈ، قبرستانوں، خالی پلاٹوں سے جمع پانی کی نکاسی کیلئے اقدامات شروع

عالمی تبلیغی اجتماع سے قبل صفائی اور سٹریٹ لائٹس کے انتظامات جاری، مختلف مقامات پر ڈی واٹرنگ سیٹ نصب کر دیئے گئے

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے قبرستانوں اور خالی پلاٹوں میں جمع پانی کے اخراج کے لیے اقدامات شروع کر دیئے۔ اسسٹنٹ کمشنر رائے ونڈ بابر علی رائے نے کہا کہ عالمی اجتماع کی آمد سے قبل صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بہتر بنایا جائے گا، تبلیغی اجتماع گاہ کو جانے والے تمام راستوں پر سٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خالی پلاٹوں میں جمع پانی کی نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے مختلف مقامات پر ڈی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر31)

لاہور: سول سوسائٹی کے اراکین اپنے مطالبات کے حق میں ہائیکورٹ کے باہر مظاہرہ کر رہے ہیں۔

بزنس کمیونٹی معیشت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، عارف احسان ملک

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بزنس کمیونٹی معیشت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے اور فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چھوٹے بڑے تاجر اور صنعتکار سے قطع نظر بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کیلئے ہر سطح پر کوششیں جاری رکھے گا۔ یہ بات صدر عارف احسان ملک نے امین بٹ چیئرمین انجمن تاجران (امین بٹ گروپ) کی قیادت میں مبارکباد دینے کیلئے آنے والے تاجروں کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نجی سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ لاہور پولیس نے نجی سکیورٹی کمپنیوں کا سکیورٹی آڈٹ کرانے کے لیے ہوم ڈیپارٹمنٹ کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی تربیت، اسلحہ ہینڈلنگ اور مجموعی سکیورٹی استعداد کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ بینکوں اور مالیاتی اداروں میں تعینات سکیورٹی گارڈز کو بہترین تربیت فراہم کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ پولیس حکام نے سکیورٹی گارڈز کی ویپن ہینڈلنگ ٹریننگ پولیس کے تعاون سے کرانے کی تجویز دی ہے۔ گارڈز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

انجینئر امیر مقام کا 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے تباہ کن زلزلے کے متاثرین کو خراج عقیدت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان اور سیفران انجینئر امیر مقام نے 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے تباہ کن زلزلے کے متاثرین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جمعرات کو اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان میں آنے والے تباہ کن زلزلہ ہماری تاریخ کا ایک المناک دن تھا جس نے ہزاروں قیمتی جانیں ہم سے چھین لیں اور لاکھوں افراد کو بے گھر کر دیا، لیکن اس سانحے کے بعد پوری قوم نے جس یکجہتی، صبر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

سپریم کورٹ، خاتون اپنے ہی بچے کے قتل کے الزام سے عدم شواہد پر بری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے خاتون کو اپنے ہی بچے کے قتل کے الزام سے عدم شواہد پر بری کر دیا۔ جسٹس ملک شہزاد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، ملزمہ کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ سہالہ میں مقدمہ درج تھا۔ وکیل صفائی نے کہا کہ ملزمہ پر اپنے ہی بچے کو جلا کر مارنے کے کوئی ٹھوس شواہد نہیں، ملزمہ کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

چیئرمین سینیٹ کا 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ شہدا کو خراج عقیدت

2005 کے زلزلے کے تجربے سے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے اہم اسباق حاصل ہوئے، قدرتی آفات کو روکا نہیں جاسکتا، گیلانی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کے شہدا کی 21ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کی 21ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے زلزلہ شہدا کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ نے پاک فوج، ریسکیو اداروں، رضا کاروں اور امدادی کارکنوں کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2005 کے زلزلے کے تجربے سے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے اہم اسباق حاصل ہوئے، قدرتی آفات کو روکا نہیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

لاہور: صدر لاہور بار ایسوسی ایشن عرفان حیات باجوہ ریلی شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کی کارروائی، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر شہر بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئی ہیں۔ چوکی منہالہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران پٹرولنگ مختلف مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی سپلائی میں ملوث 3 ملزمان کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

(ن) لیگ و پی پی میں قانون سازی پر ڈیڈلاک ختم، انتخابی اصلاحات کمیٹی کے قیام پر اتفاق

پارلیمانی کمیٹی میں دونوں ایوانوں میں جماعتوں کی عددی تعداد کے تناسب سے ارکان کو رکنیت دی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون کے معاملے پر ڈیڈلاک ختم ہو گیا، دونوں جماعتوں کے درمیان پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام پر اتفاق ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انتخابی اصلاحات کمیٹی کی چیئرمین شپ پیپلز پارٹی کو دینے پر اتفاق کیا گیا ہے جبکہ کمیٹی میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کو نمائندگی دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی کمیٹی میں دونوں ایوانوں میں جماعتوں کی عددی تعداد کے تناسب سے ارکان کو رکنیت دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی شرائط پر مبنی بلز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

جعلی ویب سائٹس کے ذریعے آن لائن فراڈ کرنیوالی کمپنیوں کے خلاف سخت ایکشن ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ عمران قریشی کی زیر صدارت انفورسمنٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں آن لائن خریداری کے طریقہ کار میں مجوزہ تبدیلیوں، جعلی کمپنیوں اور آن لائن فراڈ کے تدارک سمیت مارکیٹوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

پاکستانی طالبعلم سعد محمود برانہ کی برطانیہ میں نمایاں کامیابی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستانی طالبعلم محمود برانہ نے ایک بار پھر یونیورسٹی آف گریٹر مانچسٹر میں اسٹوڈنٹس یونین کے صدر کی حیثیت سے منتخب ہو کر ایک نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ وہ گزشتہ سال بھی اسٹوڈنٹس یونین کے صدر رہ چکے ہیں اور اس سال یونیورسٹی کے طلبہ نے دوبارہ انہیں صدر منتخب کر لیا ہے۔ محمود برانہ کو طلبہ کی جانب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

منصوبوں میں تاخیر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، کمشنر سرگودھا ڈویژن

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) کمشنر سرگودھا ڈویژن نے واسا اور لوکل گورنمنٹ کے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ان کے منصوبوں میں تاخیر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر حافظ شوکت علی نے پی ڈی پی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے واسا اور لوکل گورنمنٹ کو جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کا حکم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

عالمی بنک کی رپورٹ کے مطابق 48 فیصد پاکستانی سطح غربت سے نیچے آباد ہیں، جاوید قصوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی غربت انتہائی تشویشناک صورتحال اختیار کر چکی ہے، ورلڈ بینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق خطے میں 3 ڈالر یومیہ سے کم آمدن پر زندگی گزارنے والے انتہائی غریب افراد میں پاکستان کا حصہ تقریباً 48 فیصد ہے جبکہ 2018-19 سے 2024-25 کے دوران اس پیمانے پر پاکستان کی غربت کی شرح میں 4.6 فیصد پوائنٹس اضافہ ہوا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ ساجد بیگ نے جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف کیا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ساجد بیگ نے بتایا کہ اڈیالہ جیل میں اس وقت تقریباً 8 ہزار قیدی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گنجائش سے زائد قیدیوں کی تعداد اڈیالہ جیل کا مسئلہ ضرور ہے، جیلوں میں قیدیوں کی بڑھتی تعداد کے مسئلے پر حکومت غور کر رہی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے کہا کہ اسلام آباد میں نئی جیل کی تعمیر سے اڈیالہ جیل میں قیدیوں کا آدھا بوجھ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

این سی سی آئی اے کی سائبر فراڈ اور ہنی ٹریپ کے خلاف بڑی کارروائیاں، 26 افراد گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے لاہور زون عاطف امیر کی نگرانی میں سائبر فراڈ اور ہنی ٹریپ کے خلاف بڑی کارروائیاں کی گئیں جس میں ہنی ٹریپ کال سینٹر چلانے والی 17 خواتین سمیت سائبر فراڈ میں ملوث (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم عالمی یوم ذہنی صحت کے سلسلے میں منعقدہ آگاہی تقریب میں دیگر کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں۔

پاکستان، ڈنمارک بزنس فورم کے چیئرمین ندیم الٰہی کی آئی جی جیل خانہ جات سے ملاقات

پروفیشنل کچن کے قیام، مریض قیدیوں کیلئے ایمبولینسز، میٹرس کی فراہمی میں تعاون کی یقین دہانی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان، ڈنمارک بزنس فورم کے چیئرمین ندیم الٰہی نے آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، جیلوں میں اصلاحات اور قیدیوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر موٹیویشنل سپیکر و سینئر کالم نگار شاہد قادر، ڈی آئی جی ندیم رف اور ڈی آئی جی ملک شوکت فیروز بھی موجود تھے۔ ندیم الٰہی نے کہا کہ وہ قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ڈنمارک میں مقیم اوورسیز پاکستانیوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

حکومت نے عام آدمی کا کچومر نکال دیا ہے، میاں شاہد حسین

مہنگائی کے طوفان نے سب سے زیادہ کسان، مزدور، چھوٹے کاروباری طبقے کو متاثر کیا، رہنما پی ٹی آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ جس دن سے یہ حکومت اور فارم 47 ٹولہ ملک و قوم پر مسلط ہوا ہے عام آدمی کا کچومر نکل گیا ہے، ملک میں مہنگائی کے طوفان نے سب سے زیادہ کسان، مزدور اور چھوٹے کاروباری طبقے کو متاثر کیا ہے۔ اپنے دفتر میں کسانوں اور تاجروں کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

پنجاب بھر میں آٹے کی بلا تعطل فراہمی جاری، فلور ملز صوبہ بھر میں آٹا فراہم کر رہی ہیں، ڈی جی فوڈ

مجموعی طور پر 10 کلو آٹے کے 4 لاکھ 70 ہزار 845 تھیلے تمام اضلاع میں فراہم کیے گئے، امجد حفیظ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب امجد حفیظ نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں آٹے کی فراہمی تسلسل کے ساتھ جاری ہے اور مارکیٹ میں آٹے کی کسی قسم کی قلت نہیں۔ حکومت پنجاب عوام کو معیاری آٹے کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ کر رہی ہے۔ امجد حفیظ کے مطابق 7 اکتوبر 2026 کو پنجاب کی فلور ملز نے سرکاری گندم گرائنڈ کر کے 10 کلو آٹے کے 2 لاکھ 25 ہزار 998 تھیلے مقررہ نرخ 1100 روپے فی تھیلا کے حساب سے مارکیٹس میں فراہم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

رائے ونڈ: اسسٹنٹ کمشنر بابر علی رائے قبرستان میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

عالمی یوم ذہنی صحت پر جنرل ہسپتال میں آگاہی تقریب و واک کا انعقاد

ذہنی مریضوں سے ہمدردانہ رویہ محض اخلاقی قدر نہیں، علاج کا بنیادی اور لازمی حصہ ہے، پروفیسر جودت سلیم

نفسیاتی بیماریاں قابل علاج، منفی رویوں کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت، پروفیسر فریاد حسین / پروفیسر فائزہ اطہر

لاہور (سٹاف رپورٹر) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم نے مریض کی بات ہمدردی اور تحمل سے سننے کو نصف علاج قرار دیتے ہوئے کہا کہ ذہنی مریضوں سے ہمدردانہ رویہ محض اخلاقی قدر نہیں بلکہ علاج کا بنیادی اور لازمی حصہ ہے، لہٰذا متاثرہ افراد کو تنقید، طنز یا سماجی تنہائی کے بجائے احترام، اعتماد اور حوصلہ افزائی کی فضا فراہم کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل ہسپتال کے شعبہ نفسیات کے زیر اہتمام عالمی یوم ذہنی صحت کے سلسلے میں منعقدہ آگاہی تقریب اور واک کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، سربراہ شعبہ نفسیات پروفیسر ڈاکٹر فائزہ اطہر، پروفیسر محسن ظہیر، پروفیسر نازش ثقلین، پروفیسر آمنہ احسن چیمہ، ڈاکٹر سائرہ ذیشان، ڈاکٹر سید عبدالرافع، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

قصور: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور آسانی کے لئے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مسیحی ملازمین کیلئے مقدس مقامات کی زیارت کا خصوصی اقدام، تمام 70 ملازمین کو بھیجا جائے گا، بلال یاسین

جیلانی پارک میں قرعہ اندازی کی تقریب، صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کی بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق اقلیتوں کے تحفظ اور ان کے حقوق کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، اقلیتوں کا تحفظ ریاست پاکستان اور ہر شہری کا آئینی فرض اور اخلاقی ذمہ داری ہے، ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے مسیحی ملازمین کو مقدس مقامات کی زیارت کیلئے بھیجنے کا خصوصی اقدام اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ جیلانی پارک لاہور میں ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے مسیحی ملازمین کو مقدس مقامات کی زیارت کیلئے بھیجنے کے حوالے سے قرعہ اندازی کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)

لاہور میں ٹولنٹن مارکیٹ کے تاجروں کا ضلعی انتظامیہ کی ٹیم پر حملہ

دکانداروں نے ٹیم پر راڈز اور ڈنڈوں سے وار کئے، کارروائی کیلئے درخواست دیدی، انتظامیہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں ٹولنٹن مارکیٹ کے تاجروں نے ضلعی انتظامیہ کی ٹیم پر حملہ کر دیا۔ انتظامیہ کے مطابق دکانداروں نے ٹیم پر راڈز اور ڈنڈوں سے حملہ کیا، کارروائی کے دوران ٹولنٹن مارکیٹ کے تاجر دکانیں بند کر کے موقع سے غائب ہو گئے۔ انتظامیہ کے مطابق تشدد کرنے والے تاجروں کے خلاف کارروائی کے لئے درخواست جمع کرا دی گئی ہے۔ تاجروں کا موقف ہے کہ دکانیں سیل کر کے ان کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ کا موقف ہے کہ گندگی اور پرندوں کی غیر قانونی فروخت کے خلاف کارروائی کی گئی۔

کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور آسانی کے لیے ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی زیر صدارت اہم اجلاس

ضلعی انتظامیہ کاروبار دوست ماحول کے فروغ اور تاجر برادری کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی

قصور (8 اکتوبر 2026ء) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ضلع قصور میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی اور تاجر برادری کو درپیش غیر ضروری رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)

لاہور: بزرگ شخص اپنے اہل خانہ کا پیٹ پالنے کے لئے پھیری لگا کر لاہوری پوڑا اور سویاں فروخت کر رہا ہے۔

بلاول بھٹو سے پی پی رہنماؤں اور ارکان اسمبلی کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کر لی، تحریری حکم جاری

وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ، وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کر لی ہے، اس سے متعلق تحریری حکم بھی جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ، وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیے۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ وفاقی محتسب پنشن اہلیت کے قانونی طریقہ کار کو نظرانداز نہیں کر سکتے، قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والے کو پنشن نہیں دی جاسکتی۔ چیف جسٹس امین الدین خان کے تحریر کردہ 12 صفحات کے حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ پنشن کی درخواست مسترد ہونا بذات خود بدانتظامی نہیں، قانونی اہلیت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

وزیراعظم کی جانب سے ایس ایم ای فنانسنگ میں نمایاں اضافہ خوش آئند ہے، علی حسام اصغر

فنانسنگ کا حجم 2 ٹریلین تک بڑھانے کا ہدف کاروباری سرگرمیوں، روزگار، معاشی ترقی کیلئے اہم پیشرفت ہے، صدر لاہور چیمبر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کیلئے فنانسنگ میں نمایاں اضافہ کرنے کے اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے کاروباری شعبے کو مضبوط بنانے، سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور ملکی معیشت کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔ علی حسام اصغر نے کہا کہ جون 2028 تک ایس ایم ای فنانسنگ کا ہدف 2 ٹریلین مقرر کرنا حکومت کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی اہمیت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

لاہور: مال روڈ استنبول چوک میں نصب فوارا عرصہ دراز سے بند پڑا ہے۔

آلو کی فی ایکڑ آمدنی دوسری فصلوں کے مقابلہ میں زیادہ ہوتی ہے، رپورٹ

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) آلو پاکستان کی ایک اہم فصل ہے کیونکہ اس کی فی ایکڑ آمدنی دوسری فصلوں کے مقابلہ میں زیادہ ہوتی ہے۔ آلو کو مکمل غذا بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں کافی مقدار میں نشاستہ، وٹامن، معدنی نمکیات اور لحمیات پائے جاتے ہیں۔ پنجاب کے میدانی علاقوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

بیوی پر تشدد اور دانتوں سے کاٹنے والا خاوند گرفتار

ملزم نے گھریلو ناچاقی کی وجہ سے خاتون کے چہرے پر تشدد کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) شاد باغ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بیوی پر تشدد اور دانتوں سے کاٹنے والے خاوند گرفتار کر لیا۔ ملزم نے گھریلو ناچاقی کی وجہ سے خاتون کے چہرے پر تشدد کیا، بازو پر دانتوں سے کاٹنے کے زخم آئے، شاد باغ پولیس نے اطلاع ملنے پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالشکور کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی سٹی ارشد حیات کانجو نے کہا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے، خواتین کو ہراساں اور تشدد کا نشانہ بنانے والے قانونی کارروائی سے نہیں بچ سکتے۔

ٹیکنی والی پارک اسلام پورہ پارک میں 25 سال سے قائم تجاوزات کا خاتمہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) مینجنگ ڈائریکٹر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل مینجنگ ڈائریکٹر پی ایچ اے تسلیم اختر راؤ کی زیر نگرانی خصوصی کارروائی کے دوران ٹیکنی والی پارک اسلام پورہ میں 25 سال سے قائم پختہ ناجائز تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا، پی ایچ اے کو اس کارروائی کے دوران ضلعی انتظامیہ اور ایل ڈی اے کی معاونت بھی حاصل رہی۔ اے ایم ڈی پی ایچ اے لاہور تسلیم اختر راؤ نے گزشتہ دنوں ٹیکنی والی پارک اسلام پورہ کا دورہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

ہربنس پورہ میں گودام سے غیر قانونی طور پر رکھی گئی 20 ہزار پتنگیں برآمد، 3 ملزمان گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) پولیس نے پتنگوں کی غیر قانونی تیاری اور تجارت کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہربنس پورہ میں ایک گودام پر چھاپہ مار کر غیر قانونی طور پر رکھی گئی 20 ہزار پتنگیں برآمد کر لیں جبکہ 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت محمد فاروق، عثمان علی اور وسیم اصغر کے نام سے ہوئی۔ پولیس نے کارروائی کے دوران گودام (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

نیشنل سکول آف پبلک پالیسی کے زیر تربیت افسران کا پیڈمک کا دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں زیر تربیت گریڈ 20 کے سینئر افسران نے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا دورہ کیا جہاں سی او او علی معظم سید نے سینئر افسران کو پیڈمک کے منصوبوں، کام کرنے کے طریقہ کار اور صنعتکاروں کو دی جانے والی سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران وفد کو پنجاب میں صنعتی زونز قائم کرنے کے طریقہ کار، صنعتی زونز کے ترقیاتی کاموں، صوبے میں صنعتی ترقی میں پیڈمک کے کردار پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران کی جانب سے پیڈمک کی کاوشوں اور صوبے میں صنعتی ترقی میں ان کے کردار کو سراہا گیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

شمالی وزیرستان آپریشن دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج ہلاک

شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ اور کوٹ خضری میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن مزید 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل ہو گئے

ہلاک دہشتگرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 9 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام کے تحت فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ اور کوٹ خضری میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن مزید 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل ہو گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا۔ وزیراعظم نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

سیالکوٹ: گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر کا مسلم ہینڈز کی جانب سے گورنمنٹ مڈل سکول بنی کھڑی شریف میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر میجر (ر) سہیل اسلم گل، ایگزیکٹو مینیجر محمد سلیمان اور پبلک ریلیشنز مینیجر راجہ قمر عطا سے ملاقات کر رہے ہیں

کھڑی شریف میں نئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تکمیل

راجہ سکندر خان کا مسلم ہینڈز اور حبکو لاریب انرجی سے اظہار تشکر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) کھڑی شریف میں نئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تکمیل، راجہ سکندر خان کا مسلم ہینڈز اور حبکو لاریب انرجی سے اظہار تشکر، گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے مسلم ہینڈز میر پور اور حبکو لاریب انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے باہمی تعاون سے گورنمنٹ مڈل سکول** بنی **، کھڑی شریف، ضلع میر پور، آزاد جموں و کشمیر میں نئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی کامیاب تکمیل پر دلی اظہار تشکر کیا ہے۔ گزشتہ سال راجہ سکندر خان نے گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل آزاد جموں و کشمیر چیپٹر کے صدر سید شبیر احمد کے ہمراہ مسلم ہینڈز کے ریجنل آفس میر پور کا دورہ کیا تھا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)

سہیل آفریدی بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں، ٹی ٹی پی کی اسلام آباد تک رسائی چاہتے ہیں، احسن رضوی

لانگ مارچ کی آڑ میں افغان جتھوں کو وفاقی دارالحکومت پر چڑھائی کی اجازت ہرگز نہ دی جائے، رہنما پیپلز پارٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات احسن رضوی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے حالیہ بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں بلکہ ٹی ٹی پی کی اسلام آباد تک رسائی چاہتے ہیں۔ اپنے ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی نہ خیبر پختونخواہ کی عوام کے ساتھ مخلص ہیں اور نہ عمران خان کی رہائی کے کاز کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

ہائیکورٹ نے کسٹمز کے رات گئے چھاپے غیر قانونی قرار دیدیئے

مالک کی عدم موجودگی میں دکانوں کے تالے توڑ کر سامان ضبط کرنا قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ٹائر مارکیٹ کے تاجروں کی آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے کسٹمز حکام کی جانب سے رات گئے دکانوں اور گوداموں پر چھاپے مارنے، تالے توڑنے اور سامان ضبط کرنے کی کارروائی غیر قانونی قرار دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس مزمل اختر شبیر اور جسٹس سید احسن رضا کاظمی نے عطاء اللہ سمیت 10 دیگر تاجروں کی کسٹمز کارروائی کے خلاف درخواست پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ مالک کی عدم موجودگی میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

لاہور: ایک خاتون کبوتروں کو دانہ ڈال رہی ہے۔

دھرنوں اور نعرے بازی کی سیاست کا کلچر ختم کرنا ہوگا، احسن افضل کھوکھر

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے پی ٹی آئی کے طرز سیاست پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں دھرنوں، احتجاج اور نعرے بازی کی سیاست کا کلچر ختم کرنا ہوگا، سیاست کو عوامی خدمت، کارکردگی اور مسائل کے حل کی طرف لے کر جانا وقت کی اہم ضرورت ہے، سیاسی اختلاف جمہوریت کا حصہ ہے تاہم اختلاف رائے کو ذاتی حملوں، گالم گلوچ اور بدزبانی میں تبدیل نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

مریم نواز کی عوامی خدمات کو عالمی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے، شہزاد نذیر سندھو

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی چودھری شہزاد نذیر سندھو نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوامی خدمات اور فلاحی اقدامات کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے، پنجاب حکومت کے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کو اقوام متحدہ کے ادارے یو این ہیبی ٹیٹ کی جانب سے سکول آف آنر ایوارڈ ملنا پاکستان کے لیے ایک اعزاز ہے۔ انہوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

چوہدری شافع حسین سے ای وی سیکٹر سے وابستہ چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنی کے وفد کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ای وی سیکٹر سے وابستہ چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنی کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت چین کے سیج (SAIGE) گروپ کے چیئرمین مسٹر یانگ جو فینگ کر رہے تھے۔ پیسک ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس ڈاکٹر ذوالفقار بھٹی، کری ایٹو گروپ کے سی ای او انجینئر میاں سلطان محمود اور دیگر صنعتکار بھی موجود تھے۔ چیئرمین مسٹر یانگ جو فینگ نے کہا کہ ہمارے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

بقیہ جات 1

اجلاس میں بتایا گیا کہ 10 اضلاع میں پی ایچ اے فنکشنل ہے جبکہ 11 اضلاع میں بھی نئی پی ایچ اے قائم کردی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر تحصیل، شہر اور گاؤں کی سطح تک مرحلہ وار شجرکاری اور پھولدار پودے اگانے کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ دوسرے فیز میں پنجاب کی ہر تحصیل میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کی جائیں گی۔ اجلاس میں پی ایچ ایز کیلئے 2820 ٹیکنیکل آسامیوں پر بھرتیوں کی منظوری بھی دے دی گئی۔ ہر ضلع میں ایم ڈی، ڈائریکٹر اور ٹیکنیکل سٹاف بھرتی کیا جائے گا۔ اس موقع پر پی ایچ اے کے زیر انتظام ہر ضلع میں سستے پودے فراہم کرنے کے لئے ''ان ہاؤس نرسری'' بھی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ہر ضلع میں قائم ان ہاؤس نرسری سے شجرکاری اور موسمی پھولوں کیلئے پودے اگائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موسم کے مطابق پھولدار پودے اگانے کیلئے ماہانہ پلان مرتب کرنے کا حکم دیا اور پی ایچ اے فوڈ کورٹ کے ڈیزائن کی بھی منظوری دی۔ اجلاس میں پی ایچ اے سٹاف اور گاڑیوں کی یکساں برانڈنگ متعارف کروانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر خالی جگہ پر درخت اور پھول اگانے کی ہدایت کی اور پی ایچ اے افسروں کیلئے ''کے پی آئی'' تشکیل دینے کا بھی حکم دیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور میں سی کیٹیگری کے تمام پارک بحال کر دیئے گئے۔ ہر پی ایچ اے کو بہتر اربن آؤٹ لک، پارکس کی خوبصورتی، گرین بیلٹ کی بحالی کا ہدف دے دیا گیا۔ موسم اور سیزن کے مطابق ہر ضلع میں سٹینڈرڈ پلانٹیشن اور پھولدار پودے لگائے جائیں گے۔ خیابان جناح میں بوگن ویلیہ اور عطا بخش روڈ پر بامبو اور دیگر روڈز پر املتاس کے درخت لگائے گئے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں میری گولڈ کی تینوں اقسام کے رنگارنگ پھول اگائے جا رہے ہیں۔ گھروں میں کام کرنے والے پی ایچ اے سٹاف کی آفس واپسی کیلئے احکامات جاری کردیئے گئے ہیں۔ صوبہ بھر کے ہر شہر میں یکساں ڈیزائن کے پلانٹر اور گملے رکھے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر شہر، ہر قصبے اور ہر گاؤں کو درختوں پودوں سے سجا اور پھولوں سے مہکتا دیکھنا چاہتی ہوں۔ شجرکاری نہ صرف ماحول بلکہ انسانی صحت پر بھی مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخت لگانا کار ثواب بھی ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے بچاؤ کا ذریعہ بھی۔

بقیہ جات 2

آپریشن کے دوران 7 خارجی ہلاک کر دیے گئے۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے۔ صدر مملکت، وزیراعظم اور وفاقی وزیر داخلہ کا شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردوں کے غیرملکی سرپرستوں اور مقامی سہولت کاروں کی سازشیں ہر قیمت پر ناکام بنائی جائیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیکیورٹی فورسز کے عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خوارج کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ تینوں رہنماؤں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی حمایت کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 3

اور معاشی ترقی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ لاہور کے ایکسپو سینٹر میں پولٹری سے منسلک اشیاء کی نمائش سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ کاروباری سرگرمیوں میں اضافے سے ملکی معیشت بہتر ہوگی اور لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام کاروبار کے فروغ اور سرمایہ کاری کے لیے ناگزیر ہے، سیاسی مسائل کا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ مذاکرات میں ہے، تمام سیاسی قوتوں کو بات چیت کے لیے آگے آنا چاہیے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ نمائش میں آکر انہیں خوشی ہوئی ہے، کیونکہ یہاں ایک بڑی معاشی سرگرمی جاری ہے اور اس میں صرف سرمایہ کار ہی نہیں بلکہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک ہیں، اس طرح کی سرگرمیوں سے ملک میں سرمایہ کاری کو فروغ ملتا ہے اور کاروباری مواقع بڑھتے ہیں۔ محمد احمد خان نے کہا کہ آنے والے وقت میں ہر شعبے میں کاروبار کے مزید مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے، کاروبار ترقی کرے گا تو معیشت مضبوط ہوگی اور لوگوں کو ملازمتیں ملیں گی۔ انہوں نے زور دیا کہ ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے اور غربت کے خاتمے کے لیے کاروباری سرگرمیوں کا تسلسل ضروری ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے سیاسی احتجاج اور دھرنوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی عدم استحکام سے کاروبار متاثر ہوتا ہے، شاہراہیں اور موٹرویز بند ہونے سے معاشی سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے جبکہ احتجاج کے باعث کئی اسکول بھی کئی دنوں سے بند پڑے ہیں، دھرنوں کے دن نکال دیے جائیں تو گزشتہ دو سے تین سال کی مدت کا اندازہ ہوسکتا ہے کہ ان سرگرمیوں نے کتنا وقت متاثر کیا۔ محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ یہ کیسا سیاسی حق ہے جس کے نتیجے میں کاروبار اور سکول بند ہو جائیں؟ احتجاجی جلوس بعض اوقات لڑائی جھگڑے اور مار کٹائی تک پہنچ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب کاروباری حلقوں میں خوف و ہراس ہوگا تو کاروبار کیسے چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ بعض احتجاجی مظاہروں کے دوران فوجی تنصیبات، کور کمانڈر ہاؤس اور چھاؤنیوں کو نشانہ بنایا گیا، جس سے عدم تحفظ کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ 2014ء سے اب تک ملک ایسے حالات کا سامنا کرتا رہا ہے، انہوں نے سیاسی مخالفین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ افرادی قوت کا مظاہرہ کرنا ہی مقصد ہو تو وہ اپنے گاؤں اور کھڈیاں جیسے علاقے میں بھی ایک گھنٹے کے نوٹس پر بڑی تعداد میں لوگ جمع کر سکتے ہیں تاہم ان کے بقول، اصل ضرورت لوگوں کو جمع کرنے کے بجائے ملک کے مسائل حل کرنے کی ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ سیاسی اختلافات دور کرنے کے لیے مذاکرات کے سوا کوئی راستہ نہیں، تمام متعلقہ سیاسی رہنماؤں کو بات چیت کے لیے آگے آنا چاہیے

بقیہ جات 4

سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ سردار سکندر حیات خان ایک جرات مند اور انتھک سیاسی رہنما تھے جنہوں نے آزاد خطے میں تعمیر و ترقی اور بہتری انتظامیہ کی مثال قائم کی۔ سابق وزیراعظم سردار سکندر حیات خان کی برسی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ سالار جمہوریت سردار سکندر حیات خان اور ان کے خاندان نے مسلم کانفرنس کے پیغام اور نظریے کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان کے سرگرم کے ساتھی رہے اور مشکل حالات میں اپنے نظریے اور سیاسی قائد پر قائم رہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو قومی رہنماؤں کی قربانیوں اور ان کی جدوجہد سے آگاہ کرنے کا اہتمام ہونا چاہیے۔ حکومت آزاد کشمیر ان تمام رہنماؤں کی خدمات اور جدوجہد سے نئی نسل کو روشناس کروانا چاہیے۔ جنہوں نے تحریک آزادی اور آزاد کشمیر کے انتظامی سٹیٹس کو نمایاں اور بہتر بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار سکندر حیات خان کے والد سردار فتح محمد کریلوی نے تحریک آزادی کشمیر کے نڈر سپاہی تھے اور انہوں نے بھی اس راستے میں قیدوبند کی صعوبتیں اور ڈوگرہ حکمرانوں کا ظلم وستم برداشت کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سردار سکندر حیات خان کی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ جات 5

وزیراعظم آفس اور وزارت داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم رحمت شاہ کی درخواست ضمانت خارج کردی۔ جمعہ کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری عامر ضیاء نے درخواست ضمانت پر فیصلہ سنایا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے قبضے سے وزارت داخلہ کے میمورنڈم، جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز اور گاڑیوں کی جعلی رجسٹریشنز برآمد ہوئیں۔ جج عامر ضیاء نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ ایسے مقدمات میں ملزم حق کے طور پر ضمانت کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔ عدالت نے کہا کہ مدعی مقدمہ کی ملزم کے خلاف کوئی ذاتی عناد ظاہر نہیں ہوتی، جوڈیشل مجسٹریٹ کی جانب سے درخواست ضمانت خارج کرنے کا فیصلہ برقرار رکھا جاتا ہے۔

بقیہ جات 6

وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 7 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کا عزم غیر متزلزل ہے، قوم پاک فوج کے ساتھ ہے۔

بقیہ جات 7

رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کروائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت کے فلیگ شپ پروگرام ''اپنی چھت، اپنا گھر'' کو اقوام متحدہ کے ادارے یو این ہیبی ٹیٹ کے سال 2026ء کے اسکرول آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے جس پر وزیراعلیٰ پنجاب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، یہ ایوارڈ عالمی سطح پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کارکردگی کا اعتراف ہے۔ 18 ماہ میں پنجاب حکومت نے دو لاکھ 20 ہزار افراد کو اپنی چھت فراہم کی ہے۔ تمام لوگوں کو میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلاسود 15 لاکھ روپے تک کا قرض دیا گیا ہے، اقوام متحدہ کی جانب سے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کی شفافیت کی تعریف کی گئی ہے، ایوارڈ تقریب میں بے گھر افراد کو اپنی چھت فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے، یہ ایوارڈ پنجاب کے 14 کروڑ عوام کے لیے بہت بڑے اعزاز کی بات ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے منصوبے اپنی چھت اپنا گھر کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ جات 8

کہا ہے کہ تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات میں فی الحال کسی بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں تاہم حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہوجائے، پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے موجود ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں جبکہ گوہر خان، عامر ڈوگر اور اسد قیصر سے بھی فون پر بات چیت ہوتی رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی موقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف ہے تاہم کسی سمجھوتے کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا۔ اگر کسی معاملے پر کوئی سمجھوتہ ہو جائے تو مذاکرات دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے۔ لانگ مارچ کے پہلے دو دنوں کی صورتحال سے آئندہ کے حالات کا کافی اندازہ ہو گیا ہے، لکی مروت سے مارچ میں تقریباً 6 سے 8 ہزار افراد تھے جبکہ اس کے بعد شرکاء کی تعداد میں 2 سے 3 ہزار سے زیادہ اضافہ نہیں ہوا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پی ٹی آئی کے جلسوں میں بھی عموماً 5 سے 8 ہزار افراد آتے ہیں اور جلسہ ختم ہونے کے بعد صرف 500 سے ایک ہزار افراد رہ جاتے ہیں۔ ماضی میں پی ٹی آئی کی جانب سے 20 لاکھ اور 40 لاکھ افراد کے دعوے کیے گئے لیکن وہ پورے نہیں ہوئے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ لانگ مارچ کرنے والوں کو قانون کے مطابق روکا جاسکتا ہے اور لانگ مارچ کا معاملہ مذاکرات سے بالکل الگ ہے۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ خان نے خیبر پختونخوا حکومت کو دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس جنگ کی کامیابی کے لیے صوبائی حکومت کا کردار انتہائی اہم ہے۔ اگر صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرے تو بہت سے مسائل حل ہوسکتے ہیں۔ آپریشن کی کامیابی کے لیے صوبائی حکومت کا تعاون ضروری ہے، کیونکہ پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر سول انتظامات صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں دی جانے والی قربانیوں کو کامیاب بنانے کے لیے صوبائی حکومت کو واضح کمٹمنٹ دینی چاہیے

بقیہ جات 9

گے۔ لاہور ہائیکورٹ آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، ہم نے بار بار کہا کہ عوام کا خون ہمارے لیے مقدم ہے، ایسے لائحہ عمل کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے بیگناہوں کا لہو بہے۔ ان کا کہنا تھا پی ٹی آئی کا جنرل سیکرٹری ہوں میرے اوپر بہت ذمہ داریاں ہیں، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے کیسز کو بھی دیکھ رہا ہوں، پنجاب لانگ مارچ میں بالکل شرکت کرے گا اور بڑی تعداد میں قافلے شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں متعدد کارکنوں کو اغواء کیا گیا اس کی مذمت کرتا ہوں، پورے ملک فسطائیت راج ہے، ہم انہیں کہتے ہیں ہوش کے ناخن لیں۔

بقیہ جات 10

نے سعودی عرب پر حوثی میزائل حملوں کی شدید مذمت اور شہریوں کے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ریاض کے کنگ خالد اور ابہا ایئرپورٹس پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، سعودی افواج اور اتحادی فورسز کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہیں۔ وزیراعظم نے سعودی عرب کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان کا غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا، کہا سعودی عرب کو اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہیں، سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے لیے بھرپور حمایت جاری رکھیں گے، حوثی ملیشیا فوری طور پر سعودی عرب پر حملے بند کرے۔ یاد رہے کہ ریاض اور ابہا ایئرپورٹ پر گزشتہ روز حملوں میں تین افراد جاں بحق اور ایک پاکستانی سمیت 28 زخمی ہوئے تھے۔ دوسری جانب حوثی باغیوں نے ایک بار پھر ریاض اور خمیس مشیط کو نشانے بنانے کی کوشش کی۔ ریاض میں فائر کیے گئے بیلسٹک میزائل کو اتحادی افواج نے فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ میزائل کا ملبہ گرنے سے اسکول اور میڈیکل کمپلیکس کو نقصان پہنچا لیکن کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ خمیس مشیط میں بھی اتحادی فوج نے دو بیلسٹک میزائل مار گرائے۔

بقیہ جات 11

رفت اور فنڈز کے استعمال کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔ پائیدار ترقی اہداف پروگرام پنجاب کے تمام اضلاع میں جاری ہے، پنجاب میں پروگرام کے لیے مجموعی طور پر 22 ارب روپے کے فنڈز مختص ہیں۔ پروگرام کا مقصد مقامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی کام اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہے، پروگرام کے تحت سڑکوں، گلیوں، صاف پانی اور نکاسی آب کی اسکیموں کے لیے فنڈز دیے جاتے ہیں۔ تعلیم، صحت، بجلی اور دیگر عوامی سہولتوں کے منصوبے بھی پروگرام میں شامل ہیں۔

بقیہ جات 12

مارچ مکمل محفوظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا ہے، مارچ نہ بانی پی ٹی آئی کے حق میں ہے نہ پختون عوام کے حق میں ہے، ان کا شارٹ ٹرم مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی سینئر قیادت کو ایک مسخرے کنٹینر باز نے یرغمال بنایا ہوا ہے، ایک مسخرہ کنٹینر پر کھڑے ہوکر اپنی فورسز کا مذاق اڑا رہا اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشہ استعمال کرتا ہے، سکیورٹی فورسز صوبے کی عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ اس صوبے میں پولیس اور لوگوں کی دہشت گردی کیخلاف قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، عوام کے مسترد کئے جانے کے بعد اے آئی سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالی جا رہی ہیں

بقیہ جات 13

موقف دہرایا کہ معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی سیاسی خدمات اور مفاہمانہ انداز ہمیشہ قابل ستائش رہا، وفاقی حکومت نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ معاملات سیاسی انداز میں حل ہوں۔ پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی ضد اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات سے دوری سے مسائل پیدا ہوئے، اب بھی وقت ہے کہ معاملات کے سلجھاؤ کیلئے کے پی حکومت اور اپوزیشن معاملے کو سنجیدہ لے۔ ذرائع کے مطابق کہا گیا کہ حکومت اب بھی مذاکرات، سیاسی حل کیلئے تیار ہے مگر اپوزیشن کو وفاق پر چڑھائی سے گریز کرنا ہوگا، وفاق پر دھاوا بولنے سے مسائل حل نہیں بلکہ مزید مسائل پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے کہا گیا کہ ملکی معیشت کیلئے وفاقی حکومت نے سرتوڑ محنت کی، سیاسی استحکام چاہتے ہیں۔

بقیہ جات 14

چرس برآمد ہوئی، گرفتار ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ دیگر کارروائیوں میں موٹروے ٹول پلازہ راولپنڈی کے قریب گاڑی سے 66 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم گرفتار، حیدرآباد ٹول پلازہ کے قریب گاڑی سے 12 کلوگرام چرس برآمد، سیالکوٹ کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 75.6 کلوگرام آئس، 4.2 کلوگرام چرس، 190 گرام ہیروئن برآمد، سرگودھا بس ٹرمینل کے قریب ملزم کے قبضے سے 5.1 کلوگرام چرس، 1 کلوگرام آئس برآمد، جی ٹی روڈ راولپنڈی کے قریب ملزم کے قبضے سے 450 گرام ویڈ برآمد اور رنگ روڈ پشاور کوریئر آفس میں سمر سیبل پمپ سے 200 گرام وزنی 317 ایکسٹیسی گولیاں برآمد ہوئیں۔ کارروائیوں کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ جات 15

وسطی کی کشیدہ صورتحال کے سبب ریاض کے لیے پروازیں عارضی طور پر معطل کردیں۔ اس فیصلے پر عمل کرتے ہوئے پی آئی اے کی اسلام آباد سے ریاض جانے والی پرواز PK-753 اور ریاض سے اسلام آباد آنے والی پرواز PK-754 منسوخ کردی گئیں۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ مشرق وسطی میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنی پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ ترجمان نے مسافروں کو ہدایت کی کہ وہ ایئرپورٹ کے لیے روانہ ہونے سے قبل پی آئی اے کے کال سینٹر 786-786-111 پر رابطہ کر کے اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کر لیں۔

بقیہ جات 16

سے رابطوں اور بھتے کے شواہد موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ ہیں، ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے، صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کون سی روایت ہے کہ جب اقتدار میں نہ ہوں تو ملک کے دارالحکومت پر دھاوا بول دو، ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں۔

بقیہ جات 17

ہیں، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن صنفی جرائم، ہراسانی اور تشدد کا شکار خواتین کو تحفظ اور انصاف کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق ستمبر 2026ء کے دوران ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے 41 ہزار 903 کیسز میں خواتین کو فوری مدد اور قانونی رہنمائی فراہم کی۔ خواتین کے خلاف مختلف جرائم پر ایک ہزار 916 مقدمات درج، 248 کیسز میں انکوائری جاری ہے۔ گھریلو تشدد کے 20 ہزار 572 کیسز رپورٹ، سیف سٹی کی معاونت سے 20 ہزار 107 کیسز حل کیے گئے۔ ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ خواتین کے خلاف جرائم اور ہراسانی کی شکایات پر فوری رسپانس اور قانونی کارروائی یقینی بنائی جا رہی ہے، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن خواتین کو ایف آئی آر کے اندراج سے تفتیش اور ٹرائل تک تمام مراحل میں رہنمائی فراہم کر رہا ہے، متاثرہ خواتین کیلئے پوسٹ ایف آئی آر فالو اپ سروس، کیس ٹریکنگ پورٹل اور ایف آئی آر سے متعلق معاونت کی سہولیات دستیاب ہیں، متاثرہ خواتین نام اور پتہ ظاہر کیے بغیر بھی اپنے مسائل ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کے ساتھ شیئر کر سکتی ہیں۔ ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ پنجاب بھر سے خواتین روزانہ کی بنیاد پر ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کرکے مدد اور قانونی رہنمائی حاصل کر رہی ہیں، خواتین ایمرجنسی ہیلپ لائن 15، ویمن سیفٹی ایپ کے لائیو چیٹ اور ویڈیو کال فیچرز کے ذریعے مدد حاصل کر سکتی ہیں، ہراسانی، گھریلو تشدد یا کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطے کے لیے 15 ڈائل کریں اور 2 دبائیں

بقیہ جات 18

کوئی نمائندہ شہداء کے جنازوں میں شریک نہیں ہوا، پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر سیاسی سرگرمیوں میں مصروف ہے۔

بقیہ جات 19

نے ڈی آئی جی آپریشنز کو شکایات پیش کیں جس پر خفیہ انکوائری کروائی گئی۔ ترجمان کے مطابق انکوائری میں شکایات درست ثابت ہونے پر مقدمہ درج کیا گیا جس کے بعد تھانہ نشتر کالونی پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ پولیس والنٹیئر پروگرام طلبہ کو پولیس سے رضا کارانہ طور پر منسلک کرنے کا پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ پروگرام میں شمولیت کے نام پر کسی کو رقم نہ دیں اور نوکری یا پروگرام کے نام پر پیسے مانگنے والوں سے ہوشیار رہیں۔ انہوں نے طلبہ کو ہدایت کی کہ ایسے کسی بھی فراڈ کی فوری اطلاع پولیس کو دیں۔

بقیہ جات 20

لیے اپیلٹ کورٹ کو واپس بھجوادیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے عبداللہ حسن کی سول نظرثانی درخواست منظور کرتے ہوئے 5 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ماتحت عدالتوں کے فیصلوں میں سنگین قانونی اور بنیادی نقائص موجود ہیں، جبکہ ہبہ نامے کی تصدیق کے لیے قانون شہادت کے تقاضے بھی پورے نہیں کیے گئے۔ عدالت کے مطابق ٹرائل کورٹ اور اپیلٹ کورٹ مقدمے کے بنیادی تنازع کا درست تعین کرنے میں ناکام رہیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ کسی فریق کو جرح کا حق دیے بغیر اس کے خلاف بیان استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ قانون شہادت کے آرٹیکل 140 کے تحت جرح کے دوران متعلقہ فریق کا سامنا کرنا ضروری ہے، جبکہ آرٹیکل 79 کے تقاضے پورے کیے بغیر ہبہ نامے کی تصدیق پر بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ دفعہ 12(2) کے تحت دائر درخواست کے لیے بھی وکیل مقرر نہیں کیا گیا۔ فیصلے کے مطابق وکیل کے وکالت نامے اور درخواست پر درخواست گزار کے دستخطوں کی تصدیق بھی نہیں کرائی گئی۔ عدالت نے ہدایت کی کہ فریقین کا مقف سننے کے بعد قانون کے مطابق دوبارہ فیصلہ کیا جائے۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ دھوکہ دہی یا فراڈ کے ذریعے حاصل کیے گئے فیصلوں پر قانون شہادت کے آرٹیکل 58 کا اطلاق ہوتا ہے

بقیہ جات 21

ہیں جن میں ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانا بھی شامل ہے، ان حملوں کے نتیجے میں جانی نقصان کے ساتھ ساتھ متعدد افراد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے متعدد بیلسٹک میزائلوں کو راستے میں ہی تباہ کیا۔ انہوں نے معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان، مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور اس کی سٹرٹیجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کے مطابق سعودی عرب کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، ہم سعودی عرب کے اپنے عوام کے دفاع اور اپنے شہروں اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے جائز حق کی بھی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ حوثی ملیشیا کو یہ حملے فوری طور پر بند کرنے چاہئیں، ہم ان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ جات 22

عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ دو باتوں کے لیے اتنی بڑی پٹیشن دائر کر دیتے ہیں، آپ کو کیوں نہ عدالت کا وقت ضائع کرنے پر دس لاکھ روپے جرمانہ کر دیا جائے، صرف تین دستاویزات آپ نے منسلک کرنے تھے۔ معاون وکیل سلطی نے کہا کہ سینئر موجود نہیں، درخواست کچھ دیر کے لیے التواء میں رکھ لیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ عدالت کے پاس اتنا فری ٹائم نہیں ہے کہ انتظار کرے۔ معاون وکیل نے غیر مشروط معافی طلب کی۔ عدالت نے غیر مشروط معافی منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی۔ عدالت نے مزید دستاویزات ریکارڈ کا حصہ بنانے کی متفرق درخواست پر حکومت سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ جات 23

بنیادی سہولیات دینے سے متعلق 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب کرتے ہوئے قرار دیا کہ آپکو کپڑے بھی دیئے، دوائیاں بھی دیں باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز اور عظمیٰ خان کی بیٹی سکینہ بی بی کی درخواستوں پر سماعت کی، درخواست گزاروں کی جانب سے وکیل رانا مدثر عمر پیش ہوئے۔ جسٹس عبہر گل خان نے ریمارکس دیئے کہ آپکو کپڑے بھی دیئے، دوائیاں بھی دیں باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا، وکیل نے کہا کہ یہ کہا تھا کہ عدالتی حکم پر دیئے ہم نے نورین نیازی، عظمیٰ کو دوائیاں، کپڑے سمیت دیگر بنیادی ضروریات فراہم کرنے کی متفرق درخواستیں کیں ہیں، نورین نیازی کو بھی کتابیں، ادویات سمیت بنیادی چیزیں دینے کا حکم دیا جائے، عدالت نے استفسار کیا کہ کیا چیزیں چاہیے لکھ کر دیں۔ وکیل نے بتایا کہ 19 دن گزر گئے ہیں، دوائیاں کپڑے نہیں دیے گئے، عدالت نے ہدایت کی کہ آپ کو جو چیزیں چاہیے وہ باقاعدہ لکھ کر دیں، جس چیز کا آرڈر کریں گے وہی جیل سے اندر جائیں گی۔ وکیل نے بتایا کہ دوائیاں، کپڑے، کتابیں اور کھانے پینے کی اشیاء دینے کا حکم دیا جائے۔ جسٹس عبہر گل خان نے ریمارکس دیئے کہ کھانے پینے کی چیزوں کی اجازت نہیں دے سکتے۔ وکیل نے استدعا کی کہ گزارش ہے کہ مرکزی کیس جو نظر بندی سے متعلق وہ بھی سن لیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ پہلے دوائیاں کپڑے تو پہنچا دیں پھر یہ بھی سن لیں گے، اگر آپ نے مرکزی درخواست پر دلائل دینے ہیں تو پھر متفرق درخواستیں رہنے دیں آپ سوچ لیں آپ نے کیا کرنا ہے؟ دوران سماعت سرکاری وکیل نے علیمہ خان کی نظر بندی سے متعلق رپورٹ پیش کی اور بتایا کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ میں درخواست زیر التواء ہے

بقیہ جات 24

دیتا ہے، جلد سماعت کی درخواست کے ساتھ ٹھوس جواز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس سے متعلقہ 400 مقدمات کا ایک ماہ میں فیصلہ کیا ہے، ٹیکس سے متعلقہ سال 2024 کے صرف 23 کیسز رہ گئے ہیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے واضح کیا کہ سپریم کورٹ میں اب ٹیکس سے متعلقہ سال 2025 اور 2026 کے مقدمات پینڈنگ ہیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ فکسیشن پالیسی کے برعکس کیس نہیں لگ سکتا، فکسیشن پالیسی کے تحت ہی مقدمات کی سماعت مقرر ہوتی ہے، کسی بینچ میں آوٹ آف ٹرن کوئی کیس لگ جائے تو جج رجسٹرار کو بلا لیتا ہے۔ بعد ازاں سپریم کورٹ میں سائلین کے لیے لیگل کال سینٹر (فری لیگل ایڈوائس) کا افتتاح کردیا گیا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی موجودگی میں لیگل کال سینٹر کا افتتاح پہلے کالر محمد سلیم نے کیا۔ چیف جسٹس نے اس موقع پر بتایا کہ لیگل کال سینٹر میں فری قانونی معاونت فراہم کی جائے گی۔ جسٹس شہزاد ملک، جسٹس شفیع صدیقی افتتاح میں شریک ہوئے جب کہ صدر سپریم کورٹ بار اور وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل بھی تقریب میں موجود تھے۔

بقیہ جات 25

میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل چائلڈ پروٹیکشن اینڈ کرائمز انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور زون کے ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف میر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے سنگین آن لائن جرائم کے خلاف کی جانے والی کامیاب کارروائیوں سے متعلق اہم تفصیلات فراہم کی ہیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف میر نے بتایا کہ بچوں سے متعلق آن لائن جرائم اور چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ پورنوگرافی کے خلاف کارروائیاں مصنوعی ذہانت کی مدد سے انتہائی موثر انداز میں عمل میں لائی گئی ہیں۔ ایک اہم کارروائی کے دوران قصور سے ایک ایسا ملزم بھی پکڑا گیا ہے جو سنیپ چیٹ پر ایک غیر ملکی خاتون کو فحش مواد بھیجتا تھا۔ این سی سی آئی اے کی ٹیموں نے غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف بھی کامیاب چھاپے مارے ہیں، جن میں غیر ملکی افراد کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بینک اکاؤنٹس کے ذریعے مالی فراڈ میں ملوث مختلف منظم گروہوں کا سراغ لگا کر ان کے اراکین کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پریس کانفرنس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر نے بتایا کہ قومی کرکٹر محمد رضوان کا موبائل فون فرانزک کے لیے بھجوا دیا گیا ہے، فرانزک رپورٹ موصول ہونے کے بعد ہی اس حوالے سے مزید تفصیلات سامنے لائی جائیں گی۔ عاطف میر کا کہنا تھا کہ بچوں سے متعلق آن لائن جرائم اور سائبر کرائمز میں ملوث عناصر کے خلاف این سی سی آئی اے کا کریک ڈاؤن بلاامتیاز جاری رہے گا

بقیہ جات 26

میں 013,3 پرائیویٹ لمیٹڈ، 058,2 سنگل ممبر کمپنیاں، 127 ایل ایل پی، 29 ناٹ فار پرافٹ، 10 پبلک کمپنیاں، 2 تجارتی تنظیمیں اور 2 غیرملکی کمپنیاں شامل ہیں۔ نئی رجسٹریشنز میں پنجاب 740,2 نئی کمپنیوں کے ساتھ سرفہرست رہا، اسلام آباد میں 009,1 کمپنیاں، سندھ میں 790، خیبر پختونخوا میں 428، گلگت بلتستان میں 169 اور بلوچستان میں 105 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ مختلف شعبوں میں آئی ٹی 920 کمپنیوں کے ساتھ پہلے نمبر پر رہی جبکہ ٹریڈنگ میں 808، سروسز میں 599، کنسٹرکشن میں 339، فوڈ میں 239، ٹورزم میں 222 اور رئیل اسٹیٹ میں 193 کمپنیاں قائم ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق ایجوکیشن میں 189، ای کامرس میں 179، مائننگ میں 127 اور دیگر تمام شعبوں میں مجموعی طور پر 426,1 نئی کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ ستمبر میں 167 غیرملکی سرمایہ کاروں نے شرکت کی، جن میں چین 113 سرمایہ کاروں کے ساتھ سرفہرست رہا۔ شیئر ہولڈرز و ڈائریکٹرز میں خواتین کی شرکت کا تناسب 14 فیصد، الٹیمیٹ بینیفیشل اونرز میں 11 فیصد اور چیف ایگزیکٹوز کے عہدوں پر 8 فیصد رہا

بقیہ جات 27

صنعت کو فروغ دینے اور درآمدی مصنوعات کے متبادل تیار کرنے کے لیے مشترکہ تعاون پر اتفاق کیا ہے۔ اس سلسلے میں اپٹا ہاؤس لاہور میں مینوفیکچررز اور ریٹیلرز کا ورکنگ سیشن منعقد ہوا، جس میں معروف ٹیکسٹائل کمپنیوں، برآمد کنندگان اور ریٹیل برانڈز نے شرکت کی۔ چیئرمین اپٹا اسد شفیع نے کہا کہ پاکستان کو صرف بین الاقوامی برانڈز کے لیے مصنوعات تیار کرنے تک محدود رہنے کے بجائے اپنے برانڈز کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے مقامی سطح پر عالمی معیار کی مصنوعات، جدید ڈیزائننگ، موثر برانڈنگ اور مضبوط سپلائی چین کی تیاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپٹا کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر گوہر اعجاز کی قیادت میں آئندہ 12 ماہ کے دوران ٹیکسٹائل برآمدات میں 3 ارب ڈالر جبکہ آنے والے برسوں میں 10 ارب ڈالر اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس ہدف کے حصول کے لیے مینوفیکچررز اور ریٹیلرز کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔ اجلاس میں ریٹیلرز نے مقامی سطح پر مصنوعات کی تیاری میں درپیش مسائل، معیار، قیمتوں، ٹیکنالوجی اور بروقت فراہمی سے متعلق چیلنجز پیش کیے، جبکہ ٹیکسٹائل مینوفیکچررز نے اپنی پیداواری صلاحیتوں اور تکنیکی مہارت سے آگاہ کیا۔ چین اسٹور ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نومنتخب چیئرمین واصف سکندر بٹ نے کہا کہ مینوفیکچررز اور ریٹیلرز کا اشتراک درآمدی انحصار کم کرنے، مقامی صنعت کو مضبوط بنانے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اپٹا نے اس تعاون کو مستقل بنیادوں پر آگے بڑھانے اور متعلقہ سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر پاکستانی برانڈز کی عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کرنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ جات 28

زیر التوا کاروباری درخواستوں کی منظوری کا عمل بھی تیز ہوگیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری اور مسلسل فالو اپ کے باعث ستمبر کے دوران پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری دی گئی جس میں 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے ان منصوبوں سے ٹیکسٹائل، کیمیکلز، زرعی پروسیسنگ اور دیگر صنعتی شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، جبکہ ان شعبوں میں 7 ہزار سے زائد ممکنہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونے کی توقع ہے۔ ایس آئی ایف سی پاکستان کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری بڑھانے اور صنعتی منصوبوں کو عملی شکل دینے کیلئے مسلسل سہولت کاری فراہم کر رہی ہے اسی سلسلے میں زیر التوا درخواستوں پر پیش رفت اور کاروباری منصوبوں کی منظوری کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں نئی سرمایہ کاری اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ سے ملک میں معاشی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملنے کی توقع ہے، جبکہ مختلف صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ جات 29

خود روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے موثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے افراد کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لیے آسان شرائط پر بلاسود قرضوں، فنی تربیت اور کاروباری معاونت کی سہولت فراہم کی جائے۔ غریب خاندانوں کو مستقل آمدن کے ذرائع فراہم کرکے انہیں ملکی معیشت کا فعال حصہ بنانا ہوگا۔ جب تک پسماندہ طبقات کی قوت خرید میں اضافہ اور روزگار کے مواقع پیدا نہیں کیے جاتے معاشی ترقی کے ثمرات عام آدمی تک نہیں پہنچ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ غربت میں کمی کے لیے ایسی پالیسی مرتب کرے جو مستحق خاندانوں کو امداد کا محتاج رکھنے کے بجائے انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے میں مدد دے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کو چھوٹے کاروبار شروع کرنے کے لیے خصوصی مالی معاونت فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے خاندانوں کی کفالت کے ساتھ ملکی معیشت میں بھی کردار ادا کرسکیں۔ چھوٹے کاروباروں کے فروغ سے نہ صرف بے روزگاری میں کمی لائی جاسکتی ہے بلکہ مستحق خاندانوں کو مستقل آمدن فراہم کرکے غربت کے دائرے سے نکالنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ جات 30

۔رپورٹ کے مطابق ہیٹنگ کے ایک

بقیہ جات 31

کاروباری مشکلات سے دوچار ہے جبکہ بجلی کی قیمتوں اور ٹیکسوں میں اضافی بوجھ نے صنعت کے لیے کاروباری سرگرمیاں جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کے فرنس اور ری رولنگ یونٹس ماہانہ تقریباً 15 سے 20 لاکھ یونٹ بجلی استعمال کرتے ہیں اس لیے فی یونٹ 30 روپے ایڈوانس ٹیکس کی مد میں بھاری رقم ادا کرنا صنعتکاروں کے لیے ایک بڑا مالی چیلنج بن چکا ہے۔ میاں عبدالغفار اور خواجہ ریاض حسین نے کہا کہ بجلی کے بھاری استعمال کے باعث سٹیل یونٹس پر عائد ایڈوانس ٹیکس کی مجموعی رقم انتہائی زیادہ بنتی ہے جس سے پیداواری لاگت میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ اس صورتحال کے نتیجے میں سٹیل مصنوعات کی قیمتوں، صنعت کی مسابقت اور کاروباری سرگرمیوں پر بھی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سٹیل انڈسٹری اور متعلقہ کاروباری حلقوں کے تحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس آر او 1245(1)2026 کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور ایسا طریقہ کار وضع کیا جائے جس سے حکومتی محصولات کے اہداف بھی متاثر نہ ہوں اور صنعت پر غیرضروری مالی بوجھ بھی نہ پڑے۔

بقیہ جات 32

ہوگا۔ ایجوکیشن اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اگر کسی سکول میں جعلی انرولمنٹ ثابت ہوئی تو متعلقہ سکول سربراہ ذمہ دار ہوگا اور اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے سکولوں کو 31 اکتوبر تک داخلوں میں اضافہ کرنے کا ہدف دے رکھا ہے، جبکہ اطلاعات کے مطابق داخلوں کا ہدف پورا کرنے کے لیے بعض سکولوں میں طلبہ کی جعلی انرولمنٹ بھی کی گئی تھی۔

بقیہ جات 33

رضا کوندل اور دیگر عہدیداران شامل تھے۔ صوبائی وزیر نے ایوان صنعت و تجارت منڈی بہاؤالدین کے نومنتخب عہدیداران کو کامیابی پر مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ منڈی بہاؤالدین میں 54 ایکڑ رقبے پر پہلی سال انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی گئی ہے جس کا 10 اکتوبر کو افتتاح ہوگا۔ منڈی بہاؤالدین میں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کا مسئلہ گزشتہ 10 سالوں سے اٹکا ہوا تھا، موجودہ حکومت نے یہاں پہلی سال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کو ممکن بنایا ہے۔ اس انڈسٹریل اسٹیٹ میں صنعتی یونٹ لگانے کی غرض سے پلاٹ کے حصول کیلئے آن لائن اپلائی کیا جاسکتا ہے اس انڈسٹریل اسٹیٹ میں اوور سیز پاکستانیز کیلئے 20 فیصد کوٹہ مختص ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں حکومت نے صوبے میں مؤثر حکمت عملی کے ذریعے صنعتکاری کا عمل تیز کیا ہے۔ صنعتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ صنعتکاروں کے مطالبے اور انڈسٹری کی ڈیمانڈ کے مطابق صوبے میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹس کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ وفد نے منڈی بہاؤالدین میں پہلی سال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام پر چوہدری شافع حسین کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 34

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم اے سی، پیرا اور دیگر سرکاری اداروں کے ہمراہ 1235 کلو مردہ مرغیوں کی اطلاع پر وہاں پہنچی، ٹولنٹن مارکیٹ میں ملزمان رائے طارق، ذوالفقار لگا، اقبال بوسہ، میاں زاہد، میاں نواز، عمیر، حافظ عثمان، بلال علی، نیاز عرف ناجی، سلیم پہلوان، سرفراز، سعداللہ، رضا، حاجی رضوان، حاجی عابد، طیب، ساجد، فیصل کبوہ، عمران سعید، اختر ڈوگر، بلاول، ملک طارق علی یونس، برہان، غلام نبی، ملک نوید وغیرہ اور 50 سے 60 نامعلوم افراد نے مسلح آتشیں اسلحہ، ڈنڈے سوٹے سے حملہ کیا، ملزمان نے سرکاری گاڑی کے شیشے توڑے، ملازمین کی وردیاں پھاڑ دیں، ملزمان نے سرکاری افسران و ملازمین کو مارکیٹ میں حبس بے جا میں رکھا ان کے قیمتی موبائل فونز چھین لیے۔ پولیس کے مطابق ملزمان عرفان، شاہد، حسن، علی محمد فہد علی، حمزہ امین، شان، شعیب محی الدین، اویس، فرمان کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کے چھاپے جاری ہیں۔

بقیہ جات 35

بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (81 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 928 ڈرائیوز، 88 کم عمر ڈرائیور، 510 مسافر اور 197 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 241 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 266 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 106 حادثات میں 114 متاثرین کے ساتھ دوسرے فیصل آباد 82 حادثات میں 95 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1635 متاثرین میں 1299 مرد اور 336 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 302 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 859 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 474 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات 1587 موٹرسائیکلز، 85 آٹو رکشے، 150 کاریں، 28 وین، 09 مسافر بسیں، 38 ٹرک اور 94 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ جات 36

اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد روزمرہ زندگی، کاروبار اور عالمی اقتصادی ترقی میں ڈاک کے نظام اور خدمات کے کردار کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ اس سال کا موضوع ''ایک ڈاک نیٹ ورک، لامحدود امکانات'' منتخب کیا گیا ہے۔ ڈاک کا نظام صدیوں سے لوگوں، خاندانوں اور کاروباری اداروں کو ایک دوسرے سے جوڑنے کا ذریعہ ہے، وقت کے ساتھ خطوط، پارسل کی ترسیل کے ساتھ ڈاک کا شعبہ مالیاتی اور دیگر عوامی خدمات کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ڈیجیٹل پیغامات اور سوشل میڈیا کے تیز رفتار دور میں بھی ڈاک کا روایتی نظام ختم نہیں ہوا بلکہ ٹیکنالوجی کے ساتھ خود کو تبدیل کر رہا ہے، عالمی سطح پر پوسٹل نیٹ ورک دور دراز علاقوں تک خدمات پہنچانے، کاروبار کو مارکیٹ سے جوڑنے اور ضروری سہولیات تک رسائی میں معاون ہے۔ عالمی یوم ڈاک اس حقیقت کی یاد دہانی بھی ہے کہ رابطے کے ذرائع بدل سکتے ہیں لیکن لوگوں کو ایک دوسرے سے جوڑنے کی ضرورت ہمیشہ برقرار رہتی ہے

بقیہ جات 37

لائسنس ہولڈرز کی سرزنش کی اور سکول آف ایمینس میں معیار پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کا واضح موقف اپنایا۔ وزیر تعلیم نے تمام لائسنسیز کو وضع کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق انفراسٹرکچر سو فیصد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ٹی او آرز پر عمل نہ کرنے والے سکولوں کا لائسنس کینسل کر دیا جائے گا۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ سکول آف ایمینس کو حکومتی تعلیمی ویژن کے عین مطابق سٹیٹ آف دی آرٹ پراجیکٹ بنایا جائے اور سٹیک ہولڈرز کو بروقت ادائیگیاں یقینی بنائی جائیں گی۔ وزیر تعلیم نے ایمینس سکول مالکان کو بچوں کی حاضری چیکنگ کیلئے فیشل ریکگنیشن کیمرے لگانے اور پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کو مانیٹرنگ روم بنانے کی بھی ہدایت کی۔ رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ ایمینس سکول بیکن ہاؤس اور ایل جی ایس جیسے ادارے بھی افورڈ کرنے والوں کیلئے نہیں بنائے گئے۔ یہ پراجیکٹ غریب بچوں کیلئے ہے۔ آج نجی سیکٹر بھی ایمینس ماڈل کی وجہ سے پریشان اور سرجوڑ کر بیٹھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمارٹ سلیبس کی طرف بڑھ چکے ہیں، نئے سلیبس کو 35 فیصدی پروڈیوس کیا گیا ہے۔ پہلی سے پانچویں کلاس تک کی درسی کتب فروری تک سکولوں کو مہیا کردی جائیں گی۔ وزیر تعلیم نے لائسنس ہولڈرز کے مسائل کے حل کیلئے سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے مربوط سکول پالیسی بنانے کا بھی عندیہ دیا۔

بقیہ جات 38

نے بتایا کہ ملزم نے گرفتاری کے دوران فرار ہونے کی کوشش بھی کی تاہم پولیس نے اسے قابو کرلیا۔ ملزم ممنوعہ ڈور کی چرخیاں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کے لیے لوکل ٹرانسپورٹ استعمال کرتا تھا

بقیہ جات 39

، فروخت ہونے والے تیل کی نسبتاً زیادہ قیمتیں اور آمدنی میں اضافہ شامل ہیں۔ اس کے ساتھ بڑی کمپنیوں کی جانب سے حصص یافتگان کو زیادہ نقد منافع بھی ادا کیا گیا تاہم بعد از ٹیکس منافع میں 31 فیصد اضافے کو کمپنیوں کی بنیادی کاروباری کارکردگی میں اسی تناسب سے بہتری قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 کے دوران اس شعبے کا مجموعی قبل از ٹیکس منافع 4 فیصد کمی کے بعد 521 ارب روپے رہ گیا۔ اس کے باوجود بعد از ٹیکس منافع میں نمایاں اضافہ بنیادی طور پر ٹیکس اخراجات میں غیر معمولی کمی کے باعث ممکن ہوا۔ اس میں سپر ٹیکس سے متعلق سابقہ ٹیکس واجبات کی دفعات میں نظرثانی اور انہیں واپس لینے کا اہم کردار رہا جس کا تعلق وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے کے بعد سامنے آنے والی صورت حال سے تھا۔ مالی سال 2026 میں کمپنیوں کی آمدنی میں معقول اضافہ ہوا، تیل کی پیداوار میں کچھ بہتری آئی اور خام تیل کی قیمتوں میں اضافے سے بھی فائدہ پہنچا، تاہم دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی میں کمی اور تلاش و پیداوار کے اخراجات میں مختلف رجحانات بھی دیکھنے میں آئے۔ یوں تقریباً 460 ارب روپے کا مجموعی منافع اور حصص یافتگان کو نسبتاً بہتر ڈیویڈنڈ کی ادائیگی اس شعبے کی مالی کارکردگی کے نمایاں پہلو رہے لیکن منافع میں اضافے کی اصل وجوہات کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اس لیے مالی سال 2026 کے نتائج کو صرف تیل و گیس کی پیداوار یا بنیادی کاروباری منافع میں اضافے کا نتیجہ سمجھنے کے بجائے ٹیکس میں ہونے والی تبدیلیوں سمیت تمام اہم عوامل کے تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔

بقیہ جات 40

مقررین ڈاکٹرز دماغی صحت کے متعلق عوام میں شعور اجاگر کریں گے۔ الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

بقیہ جات 41

کیے گئے ہیں۔ افغانستان میں ان دہشتگردوں کی تعزیتی تقریبات اور فتنہ الخوارج کے جھنڈوں کی نمائش افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ جات 42

تحریر کیا۔ یہ مقدمہ سابق بینک ملازم جاوید اقبال بھٹی کی پنشن سے متعلق تھا، جن کی ملازمت 5 سال، 10 ماہ اور 8 دن رہی، انہیں 2015 میں 48 ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ منظور ہوئی تھی جبکہ بعد میں وفاقی محتسب نے پنشن دینے کا حکم دیا۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں قرار دیا کہ محتسب پنشن اہلیت طے کرنے کے مخصوص قانونی طریقہ کار کو نظر انداز نہیں کرسکتا اور پنشن کے قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والے کسی شخص کو پنشن دینے کا حکم نہیں دیا جاسکتا۔ عدالت کے مطابق پنشن کیلئے عمومی طور پر کم از کم 15 سال کی سروس درکار ہے۔ یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث درخواست گزار پانچ سال کی خصوصی رعایت کا اہل بھی نہیں تھا۔ پہلے منظور کردہ گرانٹ سے پنشن کا حق پیدا نہیں ہوتا۔ عدالت نے واضح کیا کہ پنشن کی درخواست مسترد ہونا بذات خود بد انتظامی نہیں، من مانی، امتیازی سلوک، غفلت یا بلا جواز تاخیر کی شکایت اور پنشن کی قانونی اہلیت کا تنازع الگ معاملات ہیں، فوائد کی اہلیت، رقم اور مدت کا تعین ای او بی آئی قانون کے تحت ہوگا جس میں نظر ثانی اور اپیل کا طریقہ بھی موجود ہے۔ عدالت نے کہا کہ ای او بی آئی قانون میں فیصلے کے خلاف نظر ثانی اور اپیل کا طریقہ کار موجود ہے۔ بغیر دائرہ اختیار جاری حکم، صدر یا عدالت کی توثیق سے قانونی حیثیت حاصل نہیں کرسکتا بغیر دائرہ اختیار جاری حکم، صدر یا عدالت کی بعد کی توثیق سے قانونی حیثیت حاصل نہیں کرسکتا

بقیہ جات 43

پتنگ بازی پر عائد پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گرفتار کیے گئے۔ گرفتار افراد کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ایس پی سول لائنز کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پتنگ بازی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ جات 44

ہونے کے بعد رقم مالک دلشاد احمد کے حوالے کر دی گئی۔ رقم واپس ملنے پر دلشاد احمد نے موٹروے پولیس کی دیانت داری، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 45

کے قیام کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں پی ایم ڈی سی سب آفس کے قیام کے لیے سیکرٹری صحت عامہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر نے باقاعدہ جگہ مختص کرنے کی درخواست کی گئی، جس پر پیش رفت کرتے ہوئے نیو کیمپس میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں و کشمیر میڈیکل کالج امبور مظفرآباد میں پی ایم ڈی سی سب آفس کے لیے باقاعدہ طور پر جگہ مختص کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب سیکرٹری صحت عامہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر بریگیڈیئر تاشفین نے پی ایم ڈی سی کے متعلقہ ذمہ داران سے رابطے اور اہم ملاقاتیں کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں پی ایم ڈی سی کے سب آفس کے قیام کے معاملے کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا، جس کے نتیجے میں اس اہم سہولت کے قیام کی راہ ہموار ہونے لگی ہے۔ میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں و کشمیر میڈیکل کالج مظفرآباد میں پی ایم ڈی سی سب آفس کا قیام ادارے کے لیے ایک اور اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ اس سے نہ صرف میڈیکل کالج کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوگا بلکہ آزاد کشمیر کے طبی شعبے سے وابستہ افراد کو بھی اہم سہولت میسر آئے گی۔ پی ایم ڈی سی سب آفس کے قیام سے آزاد کشمیر بھر کے ڈاکٹرز، میڈیکل طلبہ اور طبی شعبے سے وابستہ افراد کو رجسٹریشن، لائسنسنگ، تصدیق اور دیگر متعلقہ امور کے لیے اسلام آباد یا دیگر شہروں کا سفر کرنے کی مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی اور انہیں یہ سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔

بقیہ جات 46

مقصد مارکیٹ میں جعلی، نقلی اور غیر رجسٹرڈ طبی مصنوعات کی تیاری اور فراہمی کو روکنا ہے۔ ڈریپ کا کہنا ہے کہ غیر معیاری اور غیر محفوظ سرنجز کا استعمال ہیپاٹائٹس سی اور ایڈز سمیت خون کے ذریعے منتقل ہونے والی بیماریوں کے پھیلاؤ کا خطرہ بڑھا سکتا ہے۔

بقیہ جات 47

زندگی بھی ختم کر لی۔ پولیس کے مطابق فرانزک ٹیموں نے جائے وقوع سے شواہد اکٹھے کرکے لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردی ہیں۔

بقیہ جات 48

جس سے 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے ان منصوبوں سے ٹیکسٹائل، کیمیکلز، زرعی پروسیسنگ اور دیگر صنعتی شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، جبکہ ان شعبوں میں 7 ہزار سے زائد ممکنہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونے کی توقع ہے۔ ایس آئی ایف سی پاکستان کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری بڑھانے اور صنعتی منصوبوں کو عملی شکل دینے کے لیے مسلسل سہولت کاری فراہم کر رہی ہے۔ اسی سلسلے میں زیر التوا درخواستوں پر پیش رفت اور کاروباری منصوبوں کی منظوری کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز کے فروغ سے ملک میں معاشی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملنے کی توقع ہے، جبکہ مختلف صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ جات 49

لینڈ فل سائٹس اور ویسٹ ٹو انرجی کے شعبے میں تعاون کا بھی جائزہ لیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے چینی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ستھرا پنجاب کے تحت صوبے میں 150 ڈمپنگ سائٹس بنائی گئی ہیں۔ روزانہ جمع ہونے والے 50 ہزار ٹن ویسٹ کی ری سائیکلنگ میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چینی کمپنی کی سینیٹیشن مشینری کی تیاری کی مہارت سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اس حوالے سے ستھرا پنجاب کیلئے چھوٹی ڈی سلٹنگ یونٹس کی تیاری کا جائزہ لیا جائے گا۔ تنگ گلیوں میں صفائی کیلئے چھوٹے مکینیکل سوئیپر بھی ضروری ہیں۔ صوبائی وزیر نے چینی وفد کو لکھوڈیر ڈمپنگ سائٹ اور اندرون لاہور کا دورہ کرانے کے انتظامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو بجلی سے زیادہ گھریلو استعمال کیلئے گیس کی ضرورت ہے۔ اس لئے ہم ویسٹ سے بائیو گیس کی تیاری کے منصوبوں کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کریں گے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ چینی کمپنی گرینڈ ٹاپ کے ساتھ ماحول دوست منصوبوں کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ سی ای او گرینڈ ٹاپ مس یانگ چن جن نے کہا کہ چینی گروپ پنجاب کے ساتھ طویل المدتی شراکت کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے ساتھ مشینری کی تیاری اور انرجی منصوبوں میں تعاون ممکن ہے۔ یانگ چن جن نے کہا کہ چین میں دنیا کا سب سے بڑا زیرو ویسٹ انڈسٹریل پارک یومیہ 9300 ٹن کوڑا استعمال کرتا ہے۔ بائیو گیس اور واٹر ٹریٹمنٹ کے شعبے میں اپنا تجربہ پنجاب سے شیئر کریں گے۔

بقیہ جات 50

سہیل خان آفریدی اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں آئی ٹی کے شعبے کی بین الاقوامی زبردست پذیرائی مل رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی موثر پالیسیوں کا اعتراف کیا جا رہا ہے۔ خیبر پختونخوا نے ڈیجیٹلائزیشن اور انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کے شعبے میں ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کرلیا ہے، صوبائی حکومت کی ٹیکنالوجی دوست پالیسیوں اور عوامی فلاح کے منصوبوں کے اعتراف میں خیبر پختونخوا کو ایک اور بین الاقوامی ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی اعزاز صوبے میں گورننس کو شفاف بنانے، ای۔گورننس کے نظام کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں آگے بڑھانے کے لیے کی جانے والی کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اب خیبر پختونخوا کی اس کامیابی سے ملک میں ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ترقی کے میدان میں ایک صحت مند اور مثبت مقابلہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی خصوصی توجہ اور ویژن کی بدولت صوبے کے آئی ٹی سیکٹر میں انقلابی تبدیلیاں آئی ہیں، جس سے نہ صرف سرکاری امور میں شفافیت آئی ہے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔

بقیہ جات 51

200 روپے کے کیلے خریدے، جب نوجوان جانے لگا تو پیچھے سے ریڑھی والے نے آواز دے کر اس سے کہا کہ کیلوں کے 200 روپے نہیں دیے۔ مقدمے کے متن کے مطابق اس موقع پر تلخ کلامی ہوگئی جس کے دوران مقتول پر تشدد کیا گیا جبکہ اطلاع ملنے پر نوجوان کے بھائی بھی وہاں پہنچ گئے۔ ایف آئی آر میں الزام عائد کیا گیا کہ طارق ماجد اور ماجو نے نامعلوم 8 ساتھیوں کے ہمراہ جھگڑا کیا اور عبدالرحمان پر چھری سے حملہ ہوا، اس کو ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن جانبر نہ ہو سکا۔ دوسری جانب ایف آئی آر کے بعد تا حال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی ہے۔

بقیہ جات 52

ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرلیے ہیں۔ سی پی او فیصل آباد نے کہا کہ ملزم کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں اور اسے جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔ مقتولین میں ملزم کی بھابی اور بھتیجی شامل ہیں جبکہ فائرنگ کے نتیجے میں ملزم کا بھائی بھی زخمی ہوا جسے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 53

چلنے والوں کی حفاظت اور شہری

بقیہ جات 54

درمیان معاملات افہام و تفہیم اور بات چیت کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ اجلاس میں لاہور چیمبر کے سابق صدر میاں مصباح الرحمن، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران محمد فرغان، ذوالفقار علی چوہدری، شہزاد محمود، طارق محمود کے ہمراہ صابر حمید اور ڈاکٹر صالح محمود بھی موجود تھے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے کہا کہ لاہور چیمبر پرتشدد اقدامات کی کسی طرح بھی حمایت نہیں کرتا۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی نے کہا کہ تشدد، اشتعال انگیزی اور تصادم کسی بھی کاروباری مسئلے کا مستقل حل نہیں ہیں۔ سرکاری اہلکاروں کا احترام اور قانون کی پاسداری ضروری ہے، جبکہ تاجروں کے تحفظات کو بھی منصفانہ اور تعمیری انداز میں سنا اور حل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اہلکاروں کا تنازعہ چند دکانداروں کے ساتھ ہوا اگر پوری مارکیٹ سیل کردی گئی

بقیہ جات 55

سمیت ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے جبکہ غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کی مہم میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لا اینڈ آرڈر کا قیام، شہریوں کی جان و مال اور املاک کا تحفظ پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ آئی جی پنجاب نے ڈی پی اوز سمیت سینئر پولیس افسران کو فیلڈ میں موجود رہنے اور سکیورٹی انتظامات کا خود جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے دفعہ 144 کی پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہ دینے کا حکم دیا۔ آئی جی پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ شہروں کے داخلی و خارجی راستوں پر مشکوک افراد، مشتبہ گاڑیوں اور سامان کی مکمل چیکنگ یقینی بنائی جائے جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے اہم مقامات کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے۔

بقیہ جات 56

اور ظفر اقبال کی عبوری ضمانت قبل از گرفتاری منسوخ، ایف آئی اے ساہیوال نے گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق 26 جولائی 2026 کو ایف آئی اے ساہیوال کے انسپکٹر علی رضا کو اطلاع ملی کہ گلبرگ ٹاؤن چک 85 آر نور شاہ ساہیوال روڈ پر پرائیویٹ ورکشاپ میں واپڈا میپکو ساہیوال کے لائن سپرنٹنڈنٹ پرانے ٹرانسفارمروں کی مرمت کے بعد دو، دو لاکھ سے پانچ، پانچ لاکھ روپے کے بل بنوا کر قوم ہڑپ کر رہے ہیں جس پر ایف آئی اے ٹیم نے دن پونے بارہ بجے پرائیویٹ ورکشاپ نوید اقبال پر چھاپہ مارا ٹیم کے ہمراہ واپڈا میپکو ساہیوال کے ایس ڈی او امیر نواب بھی شامل تھے ٹیم نے پرائیویٹ ورکشاپ سے منظور احمد، علی رضا اور مالک محمد وحید اقبال کو موقع پر گرفتار کرلیا جبکہ پارٹنر حافظ نوید اقبال فرار ہوگیا تھا۔ دوران تفتیش انکشاف ہوا کہ عمر رشید لائن سپرنٹنڈنٹ کوٹ خادم علی شاہ، مہر خرم رورل ایریا واپڈا سب ڈویژن، طاہر رائے رورل ایریا سب ڈویژن دیگر لائن سپرنٹنڈنٹ شفقت حسین، حسن روف اور ظفر اقبال ٹرانسفارمروں کی مرمت کرواتے تھے اور ناکارہ ٹرانسفارمروں کا تمام میٹریل خود فراہم کرتے تھے

بقیہ جات 57

وطنی مراکز کو پہنچنے والا نقصان ناقابل برداشت ہے۔ مسافروں، بچوں اور مریضوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنا انتہائی بزدلانہ فعل ہے۔ ان حملوں کے لیے کوئی سیاسی یا مذہبی جواز قبول نہیں کیا جاسکتا۔ یہ کھلی دہشت گردی ہے اور اس دہشت گردی کے خلاف پورا عالم اسلام سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حرمین شریفین کی حرمت، مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ کا تقدس اور ارض حرمین شریفین کا امن ہماری ریڈ لائن ہیں۔ مملکت سعودی عرب کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش قابل مذمت ہے

بقیہ جات 58

کا اظہار کیا جبکہ ڈائریکٹر نذیر غازی نے ری سائیکل بیگ کی افادیت اور اہمیت پر آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر برطانوی وفد کے ارکان کو روایتی پگڑیاں بھی پہنائی گئیں۔

بقیہ جات 59

کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، علاقہ کا قبرستان بھی حاصل کی جانے والی اراضی میں شامل کیا گیا ہے، قبرستان کی زمین کا حصول لینڈ ایکوزیشن رولز 1983ء کے رول 10 کی خلاف ورزی ہے، اسی علاقہ میں تعلیمی ادارے چناب کالج کو منصوبے سے باہر نکال دیا گیا ہے، ایک ادارے کو تحفظ دینا اور دوسرے ادارے کو ختم کرنے کی کارروائی کرنا امتیازی سلوک ہے، مئی 2025 کے بعد محکمہ معدنیات نے اس علاقے کا کوئی نیا سروے نہیں کیا، محکمہ معدنیات کے اس اقدام سے سینکڑوں طلبا کی تعلیم شدید متاثر ہوجائے گی۔ استدعا ہے کہ حصول اراضی کے لیے دس ستمبر 2026 کو جاری نوٹیفکیشن کو کالعدم اور غیر قانونی قرار دیا جائے، درخواست کے حتمی فیصلے تک اسکول کی عمارت سے بے دخل کرنے سے روکا جائے

بقیہ جات 60

لاقانونیت میں اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، جبکہ بجلی اور گیس کے ہوشربا بل ادا کرتے کرتے شہریوں کی سکت جواب دے چکی ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے ٹیکسوں اور مختلف محصولات کا بوجھ ڈال رہی ہے، جس سے غریب اور متوسط طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا انتظام بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔

بقیہ جات 61

ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، سعودی عرب کی پروازیں منسوخ ہونے سے عمرہ زائرین کو سب سے زیادہ مشکلات پیش آرہی ہیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سعودی عرب کے مختلف ایئرپورٹ پر سیکورٹی وجوہات کی بنا پر پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 13 پروازیں منسوخ، 12 تاخیر کا شکار ہوئیں، کراچی ایئرپورٹ سے 10 پروازیں منسوخ ہوئیں اور 13 تاخیر کا شکار ہوئیں جبکہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر 9 پروازیں منسوخ اور 8 تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق اس کے علاوہ ملتان ایئرپورٹ سے 7 پروازیں منسوخ ہوئیں۔

بقیہ جات 62

بابا گرونانک 10 اکتوبر 1539 کو وفات پا گئے تھے

بقیہ جات 63

حالات میں وطن عزیز پاکستان کو 28 مئی 1998 میں بلوچستان کے ضلع چاغی کے پہاڑوں میں دھماکے کرکے دنیا بھر میں ناقابل تسخیر بنادیا جس کے نتیجے میں پاکستان مسلم دنیا کی پہلی اور دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت بن گیا حکومت پاکستان نے انہیں دو مرتبہ نشان پاکستان کے اعزاز سے نوازا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان 10 اکتوبر 2021 میں 85 سال کی عمر میں اسلام آباد میں وفات پا گئے تھے۔

بقیہ جات 64

کے افسران اور دیگر ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے صفائی کے معیار، ویسٹ کلیکشن کے عمل اور فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے، کوڑا کرکٹ کی بروقت صفائی اور منتقلی کو یقینی بنایا جائے جبکہ فیلڈ ٹیموں کی موثر نگرانی کی جائے

روزنامہ
عوامی محبت
Awami Mohabbat
قصور/اسلام آباد

Special Edition

ریورنڈ ولسن فضل کو بشپ بننے پر مبارکباد   اشاعت خاص   پاکستان گاسپل اسمبلیز PGA





ریورنڈ ولسن فضل بشپ کے عہدے پر فائز

پاکستان گاسپل اسمبلیز PGA کے سینئر ترین خدا کے خادم

انیل غوری، شہباز گل
عوامی محبت بلوچستان ڈیسک
رپورٹ

لاہور کے مقامی شادی ہال میں منعقدہ تقریب کی صدارت گریس اسمبلیز آف پاکستان کے چیئرمین بشپ ڈاکٹر نعیم پرشاد نے کی، بشپ ابرہام ڈینیئل، ریورنڈ قیصر جولیس، ریورنڈ ایلون جان، پاسٹر طارق وارث، پاسٹر مورس بشیر کی معاونت

شنیلا روت، پاسٹر شارون شوکت، ریورنڈ الفریڈ یعقوب، پاسٹر یونس یوحنا، گاسپل سنگر انیتا سیموئیل، گاسپل سنگر سلیم عنایت، انائیہ نعیم، طارق جاوید طارق، پاسٹر پرویز ندیم گل، اقبال کھوکھر و معززین کی کثیر تعداد میں شرکت، خاندان کا بھرپور انتظامی کردار

پاکستان گاسپل اسمبلیز (PGA) کے سینئر ترین خدا کے خادم ریورنڈ ولسن فضل کو بشپ کے عہدے کی تقرری کے حوالے سے

لاہور کے مقامی شادی ہال میں ایک پروقار اور فقید المثال تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب انتہائی بابرکت اور بارونق تھی۔ صدارت وقیادت گریس اسمبلیز آف پاکستان کے چیئرمین اور الفا او میگا بائبل کالج کے پرنسپل بشپ ڈاکٹر نعیم پرشاد نے کی۔ ان کے ہمراہ بشپ ابرہام ڈینیئل، ریورنڈ قیصر جولیس، ریورنڈ ایلون جان، پاسٹر طارق وارث، پاسٹر مورس بشیر، پاسٹر شارون شوکت، ریورنڈ الفریڈ یعقوب، پاسٹر یونس یوحنا، گاسپل سنگر انیتا سیموئیل، گاسپل سنگر سلیم عنایت، انائیہ نعیم، مزید براں عوامی محبت کے چیف ایڈیٹر اور ہیلپ وے ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے صدر اقبال کھوکھر، ہوپ آف گلوری

کے چیئرمین ریورنڈ پرویز ندیم گل اور سماجی و مذہبی شخصیات موجود تھیں جبکہ کلیسیاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ دوران تقریب

ان کی صاحبزادی شمرایا ولسن نے ان کی زندگی کے تمام پہلوؤں پر نہ صرف روشنی ڈالی بلکہ ساتھ بڑی سکرین پر تصاویری طور پر بھی بشارتی، مذہبی، خدماتی، خاندانی اور سماجی زندگی پر کو اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہیں پاک صلیب پہنائی گئی، پاک تیل سے مسح کیا گیا، بائبل مقدس دی گئی، اختیار کی چھڑی سونپی گئی۔ بطور بشپ تقرری سے قبل انہیں اس عہدے کے لئے نامزد و منتخب کرنے کے لئے ان کے خاندانی خواتین و حضرات نے نامزد کیا۔ تقریب کو ان کے صاحبزادگان پاسٹر جیری وِلسن، پاسٹر شالوم وِلسن، ایڈریئل وِلسن، سوبال وِلسن، فینیئیل وِلسن، رفایا وِلسن اور شمرایا وِلسن نے آرگنائز کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

بشپ ولسن فضل کی زندگی پر ایک نظر

خاندانی پس منظر:

ریورنڈ ولسن فضل کا تعلق کوئٹہ شہر کے ایک معزز اور قدیم گھرانے سے ہے جن کی جڑیں اس خطے میں نسل در نسل پیوست ہیں۔ آپ کے دادا محترم اللہ دتہ جنگی اور دادی محترمہ تابو بی بی کا شمار کوئٹہ کے پرانے مکینوں میں ہوتا ہے۔ اسی خاندان میں آپ کے والد فضل مسیح کی پیدائش کوئٹہ کے اندر ہی ہوئی۔

بعد ازاں، آپ کے والد محترم کا رشتہ ازدواج کراچی کی رہنے والی اقبال بی بی سے طے پایا۔ آپ کی والدہ کا تعلق اصل میں سیالکوٹ سے تھا جن کا خاندان کراچی منتقل ہو گیا تھا، اور یوں شادی کی یہ تقریب کراچی میں منعقد ہوئی۔ خداوند نے اس بابرکت جوڑے کو آٹھ بچوں (پانچ بیٹوں اور تین بیٹوں) سے نوازا۔ اس بھرپور خاندان میں ریورنڈ ولسن فضل کا نمبر چوتھا ہے۔

پیدائش، تعلیم اور ازدواجی زندگی:

ریورنڈ ولسن فضل کی پیدائش 17 فروری 1961 کو کوئٹہ میں ہوئی۔ آپ کی ابتدائی اور سیکولر تعلیم کا آغاز کوئٹہ سے ہوا، البتہ زندگی کے کچھ سال آپ کی ابتدائی تعلیم کا سلسلہ کراچی میں بھی جاری رہا۔ جوانی کے ایام میں آپ کا رشتہ ازدواج نارووال کے قصبے بدوملی سے جڑا، اور آپ کی شادی پادری صادق مسیح اور محترمہ سون بی بی کی بیٹی نسرین اختر کے ساتھ ہوئی جو آپ کی زندگی اور خدمت میں ایک وفادار شریکِ سفر ثابت ہوئیں۔ جو جلال دین اور تاج دین اور حسن دین کی پوتی ہیں۔ جن کا شمار ابتدائی پینٹی کاسٹل گھرانوں میں ہوتا ہیں۔ خداوند نے اس جوڑے کو چھ بیٹوں اور ایک بیٹی سے نوازا، اور آج آپ کی ولاد بھی فخر کے ساتھ خداوند کی خدمت میں اپنا حصہ ادا کر رہے ہیں۔

پاسٹر جیری وِلسن، پاسٹر شالوم وِلسن، ایڈریئل وِلسن، سوبال وِلسن، فینیئیل وِلسن، رفایا وِلسن، شمرایا وِلسن

روحانی بیداری، نجات اور خدا کا بلاوا:

اگرچہ زندگی کا آغاز ایک روایتی پس منظر میں ہوا، لیکن 1995-1996 کا عرصہ آپ کی زندگی میں ایک روحانی انقلاب لے کر آیا۔ آپ نے وہاڑی کے معروف خادم پاسٹر ولسن جان کے وسیلے سے پانی کا بپتسمہ اور سسٹر ایلس کی ایک عبادت میں روح القدس کا بپتسمہ ہوا۔

خداوند نے آپ کو نام لے کر پکارا اور آپ کا نام "وینسنٹ" سے بدل کر "ولسن" قرار دیا، جس کی آسمانی تصدیق 5 مئی 1979 کو انڈیا کے عظیم خادم اور ایشیا کے ایک رسول کے وسیلے سے ہوئی۔ اس نبوتی کلام پر یقین رکھتے ہوئے کہ آپ اس خطے کے ایک موثر خادم ہوں گے، آپ نے اپنی دنیاوی و سرکاری نوکری کو خیر باد کہہ دیا اور 1980 میں لاہور آ کر پاکستان گوسپل اسمبلیز کے ڈیزرٹ بائبل اسکول سے علمِ الہیات کی باقاعدہ تربیت حاصل کی۔ اسی دوران 1981ء میں جب پاسٹر پال یوگی پاکستان ایک میٹنگ میں آئے، تو انہوں نے ریورنڈ ولسن فضل کو بلایا اور کہا، "تم خدا کے ایک بہت بابرکت خادم بنو گے اور میں تمہیں سرفرازی عطا کرتا ہوں۔"

الہیاتی اسناد اور تعلیمی سفر:

خدا کی خدمت کے لیے آپ نے علم اور تربیت کو ہمیشہ مقدم رکھا:

*1978: Adult Education ٹریننگ حاصل کی۔

*1980 میں: پی جی اے ڈیزرٹ بائبل اسکول سے الہیاتی تعلیم کا ڈپلومہ حاصل کیا۔

*1989: لوگوس انٹرنیشنل منسٹریل فیلوشپ امریکہ نے ماسٹر منسٹریل لائسنس سے نوازا۔

*1993: ویژن کرسچن یونیورسٹی سے بیچلر آف تھیالوجی (B . Th) کی ڈگری حاصل کی۔

*1999: گریٹ کمیشن انسٹی ٹیوٹ انٹرنیشنل سے لیڈرشپ ڈیولپمنٹ اینڈ ایونجلزم کا ڈپلومہ حاصل کیا۔

*2000: اوپن تھیولوجیکل سیمنری سے ٹیوٹر ٹریننگ کورس۔

* بین الاقوامی آرڈینیشن: امریکہ کے معروف ادارے 'پینٹی کاسٹل ہولینس چرچ' (PHC) کی جانب سے بطور منسٹر آف دی گوسپل باقاعدہ آرڈینیشن ہوئی۔

سڑکوں اور ٹرینوں کی منادی اور مسیح کی خاطر دکھ: آپ کی خدمت کا سب سے روشن پہلو فیلڈ ایونجلزم ہے۔ آپ نے کلیسائی دیواروں سے باہر نکل کر بسوں، ٹرینوں، بازاروں، دکانوں، میلوں اور منڈیوں کے ہجوم میں کلامِ حق سنایا۔ راہ میں چلتی بسوں سے گرائے جانے، مار پیٹ، کپڑے پھاڑے جانے، اور تھانے و جیلوں جیسی سختیاں بھی آئیں؛ مگر آپ نے ان تمام زخموں کو "مسیح کے نشانات" سمجھ کر فخر سے اپنایا۔

قومی اعزازات اور حکومتی پذیرائی:

خداوند نے اپنے وفادار خادم کو وقت بوقت الٰہی تھپکیوں اور عظیم قومی اعزازات سے نوازا:

* صدرِ پاکستان جنرل ضیاء الحق کی جانب سے گولڈ مڈیل کا حصول۔

* یومِ تکبیر کے تاریخی موقع پر وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کی طرف سے سوینئر کا حصول، اور اس کے جواب میں قوم کو مقدس بائبل کا تحفہ پیش کرنے کی لازوال مثال۔

* پاکستان گوسپل اسمبلیز کے بانی ریورنڈ

بشپ ولیم جانسن کی طرف سے گولڈ میڈل۔

* پی ایف (PAF) بیس کوئٹہ میں کمانڈرز سے سوینئر۔

* آئی جی پولیس کی طرف سے پیس ایمبیسڈر (امن کے سفیر) کا ایوارڈ، نیز آئی جی ایف سی اور موٹروے پولیس کے ڈی آئی جی کی طرف سے سوینئرز۔

* بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ، گورنرز اور حکومتی وزراء کے ساتھ قریبی روابط اور گورنر وسی ایم ہاؤس سے ملنے والی توثیق۔

بلوچستان میں کلیسیائی کام:

پاسٹر ولسن فیصل نے اپنی ٹیم اور ساتھیوں کے ساتھ مل کر کوئٹہ اور پورے بلوچستان میں خدمت کی شاندار بنیاد رکھی۔ آپ کی سرپرستی میں پی جی اے چرچ (PGA Quetta Church) نے ایک "مدر چرچ" کے طور پر شاندار کردار ادا کیا، جس کے ذریعے پچاس (50) سے زائد پاسٹرز اور بے شمار مبشرین و خادمِ خدا تیار ہوئے جو آج دنیا بھر میں روشنی پھیلا رہے ہیں۔

آج، اس پچاس سالہ شاندار سفر کے اعتراف میں، ہم خداوند کے اس عظیم خادم کو بشپ کے منصب پر فائز ہوتے دیکھ کر خدا کے جلال کی تعریف کرتے ہیں۔

خداوند پاسٹر ولسن فیصل کی زندگی، خدمت اور اس نئی ذمہ داری کو اپنے جلال کے لیے انتہائی بابرکت بنائے! آمین۔